باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ
بلوچستان نیوز
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر
جلد 29 | اتوار 25 اکتوبر 2026ء | 13 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 15 روپے | Ph :2839851 | FaX:2839867 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ بی سی بی-10 | شمارہ 241

بلوچستان میں کوئی نو گو ایریا نہیں، وزراء اور ارکان اسمبلی اپنے حلقوں میں باقاعدگی سے جاتے ہیں، سرفراز بگٹی

صوبے کے عوام ریاست اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے، حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان اسمبلی علاقائی تقریبات میں شرکت، عوام سے رابطے میں رہتے ہیں، تونسہ کو بلوچستان سے ملانے والی شاہراہ کے لیے وفاقی حکومت سے فنڈز کے اجراء کی خاطر کوششیں کی گئی ہیں

سرکاری افسران عوامی خدمت کو اپنا فرض سمجھیں، مقررہ وقت پر اپنی حاضری یقینی بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل کے حل کو ترجیح دیں، بلوچستان میں پانی کی قلت کے تناظر میں آبی ذخائر کی تعمیر ناگزیر، منصوبوں کے تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، شمالی ڈیرہ بگٹی میں گفتگو

شمالی ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مسلسل تیسرے روز کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے مختلف اضلاع سے آنے والے شہریوں کے مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات منصوبوں کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔

بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں | بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صدرِ آصف زرداری کی جرمنی میں اعلیٰ حکام سے اہم ملاقات

جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

برلن (پ ر) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے جرمنی کے سرکاری دورے کے دوران سینئر ہیلتھ کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں صحت کی سہولیات کی بہتری، جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم شہباز شریف کا اگلے ماہ دورہ روس متوقع

ماسکو (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کا 30 نومبر سے روس کا چار روزہ سرکاری

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا

ایچ ایم ون کنٹریکٹ 133 ارب 18 کروڑ روپے پر مشتمل ہے، ترجمان واپڈا

اسلام آباد (آئی این پی) دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا۔ واپڈا کے ترجمان کے مطابق دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ چینی کمپنی یاور جائنا اور آبکان کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نئے انتظامی دفاتر کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدے میں کوئی خفیہ نکات نہیں، افغانوں کو لڑنے کیلئے بھرتی کے دعوے بے بنیاد ہیں، پاکستان

زلمے خلیل زاد کے بے بنیاد اور گمراہ کن الزامات مسترد، افغانوں کو طالبان اور ان کے حامی دہشتگرد گروہوں سے لڑنے کے لیے مسلح کرنے کے دعوے ان کا ذاتی ایجنڈا' مقصد طالبان رجیم کو تقویت دینا ہے وزارت اطلاعات ونشریات

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مسودہ منظر عام پر آچکا، وہی حتمی، ہر ملک کے پاس اس کی توثیق کا اپنا الگ طریقہ کار موجود ہے، پاکستان کسی بھی قسم کے بھارتی فالس فلیگ آپریشن کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہمہ وقت اور مکمل طور پر تیار ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے افغانوں کو طالبان اور ان کے حامی دہشتگرد گروہوں سے لڑنے کے لیے مسلح کرنے پر زلمے خلیل زاد کے بے بنیاد اور گمراہ کن الزامات کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق زلمے خلیل زاد کے بے بنیاد دعوے محض ذاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں جس کا مقصد دہشتگردی کی حامی طالبان رجیم کو تقویت دینا ہے۔ پاکستان کے جائز انسداد دہشتگردی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ فالس فلیگ آپریشن کرنا بھارتی روایت ہے جس کیلئے پاکستان ہر لمحہ تیار ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے قیاس آرائیوں پر دفتر خارجہ نے وضاحت پیش کرتے ہوئے تمام خفیہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سوراب میں آپریشن، 6 ہلاک، نصیر آباد میں بجلی ٹاور تباہ

سیکورٹی فورسز نے ردالفتنہ تھری کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی

اوچ پاور پلانٹ سے اندرون سندھ و پنجاب کو جانے والی بجلی کے ہائی ٹرانسمیشن سسٹم 220 کے وی ٹاور کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کلی زرد کراس کے علاقے گدر سوراب میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد میں اوچ پاور پلانٹ سے اندرون سندھ و پنجاب کو جانے والی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں | بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نجی شعبے کیساتھ ملکر معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں، شہباز شریف

وزیر اعظم سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے فائنڈرز گروپ کے وفد کی ملاقات، ملک کی مجموعی معاشی صورتحال پر امور پر تبادلہ خیال

ملاقات میں کاروبار اور صنعت کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور

لاہور (بلوچستان نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کاروباری برادری کے اہم کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نجی شعبے کے ساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار کے لئے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ وزیر اعظم آفس کمیڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یہ بات وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے لاہور چیمبر آف

بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نئے انتظامی دفاتر کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

عالمی معاشی بے یقینی مہنگائی میں اضافہ ہو سکتا ہے، وزیر خزانہ

توانائی کی قیمتوں کے باعث بین الاقوامی تنازعات کے اثرات عالمی منڈی میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑنے کے خدشات بھی موجود، چیلنجز کے باوجود پاکستان کی معاشی ترقی کا سفر جاری ہے

حکومت موسم سرما میں توانائی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے منصوبہ بندی کر رہی، آئی ایم ایف کا موجودہ پروگرام آئندہ سال اکتوبر میں اختتام پذیر ہو جائے گا، محمد اورنگزیب

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے خبردار کیا ہے کہ عالمی معاشی بے یقینی اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان میں مہنگائی کا دباؤ بڑھ سکتا ہے، بین الاقوامی تنازعات کے اثرات عالمی منڈی میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑنے کے خدشات بھی موجود ہیں۔ لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) میں پاکستان کے طویل المدتی معاشی اصلاحاتی ایجنڈے سے متعلق ایک سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ مختلف چیلنجز کے باوجود پاکستان کی معاشی ترقی کا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا کو گلوبل ویلیج میں تبدیل کر دیا، گورنر

بلوچستان میں پہلی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کا اجراء اہم پیش رفت ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عالمی یوم ترقیاتی معلومات کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بنی نوع انسان نے انسانی تاریخ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چرچ پر دہشت گردانہ حملہ قابل مذمت ہے، پاکستان

دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں اردن کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے اردن کے شہر کرک میں چرچ میں جنازے کے دوران دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لائٹ ڈیزل، مٹی کا تیل اور طیاروں کا فیول بھی مہنگا

جیٹ فیول کی نئی قیمت 357 روپے 37 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی

اسلام آباد (آئی این پی) ڈیزل کے بعد لائٹ ڈیزل، مٹی کا تیل اور طیاروں کا فیول بھی مہنگا ہو گیا۔ جیٹ فیول کی قیمت میں 4 روپے 96 پیسے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

میر رضا قتل کیس، پولیس افسران کے خلاف کارروائی شروع

جوڈیشل کمیشن کے مشاہدات اور کابینہ کی سب کمیٹی کی سفارشات آئی جی کو ارسال

کراچی (آئی این پی) میر رضا علی قتل کیس میں جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ پر محکمہ داخلہ سندھ نے بڑے پیمانے پر کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کیساتھ ہیں کسی صورت بحرانوں میں پیچھے نہیں ہٹیں گے

محمود خان اچکزئی

موجودہ حالات میں جب تحریک انصاف مشکل وقت سے گزر رہی، کیا فیصلہ کرتی، یہ ان کی اپنی مرضی ہے، ہم کسی قیمت پہ عمران خان کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے

تحریک انصاف کی مصلحت پسند قیادت خوف سے عمران خان کے ساتھ کھڑی، لاکھوں لوگ نظریات کی وجہ سے محبت کرتے ہیں، ملاقات کے بعد مذاکرات کر سکتے ہیں

اسلام آباد (پ ر) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے پی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ جب سے ہم نے جمہوری سیاست، حق خود ارادیت اور عوام کو حق حکمرانی میں شریک کرنے کی سیاست کا آغاز کیا ہے، ہم تب سے ہی اعتراضات کی زد میں ہیں اب ہمیں ان کی عادت ہو چکی ہے اور ہم ان کی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے تنظیمی امور پر اہم نوٹیفکیشن جاری

پارٹی کے موجودہ تنظیمی ڈھانچے میں تاحکم ثانی کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی

پشاور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے خیبر پختونخوا میں پارٹی کے تنظیمی امور سے متعلق اہم نوٹیفکیشن

بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا، نیب حرکت میں آ گیا، سہیل آفریدی ریڈار پر

غیر قانونی بھرتیوں اور کرپشن میں ملوث افسران کیخلاف بھی گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت ختم ہونے کے بعد نیب بھی حرکت میں آ گیا، نیب ذرائع کے مطابق غیر فعال وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمان خیبر پختونخوا میں سیاسی فائدہ اٹھانے کیلئے بیانات دے رہے ہیں، عطا اللہ تارڑ

اپوزیشن لیڈر اور وزیر اعظم کی ملاقات میں رکاوٹ جگہ نہیں، بلکہ محمود خان اچکزئی کا مائنڈ سیٹ ہے

محمود خان اچکزئی کو پی ٹی آئی سے گالیاں پڑی ہیں، وہ انڈر پریشر ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا مولانا فضل الرحمان خیبر پختونخوا میں سیاسی فائدہ اٹھانے کیلئے بیانات دے رہے ہیں، اپوزیشن لیڈر اور وزیر اعظم کی ملاقات میں رکاوٹ جگہ نہیں، بلکہ محمود خان اچکزئی کا مائنڈ سیٹ ہے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ محمود خان اچکزئی کو پی ٹی آئی سے گالیاں پڑی ہیں، وہ پی ٹی آئی کی طرف سے انڈر پریشر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ محمود خان اچکزئی کی بیان بازی ختم ہو جائیگی اور وہ وزیر اعظم ہاس آ جائیں گے۔

چیف جسٹس بلوچستان جسٹس کامران خان ملاخیل بیوٹمز کے اسکول آف لاء کے موٹ کورٹ کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کی قیمتیں مستحکم کرنے کیلئے اقدامات کریں، اسحاق ڈار

قیمتوں میں استحکام یقینی بنانے کے لیے گندم کی فراہمی بڑھانے سمیت تمام ضروری اقدامات کیے جائیں، نائب وزیر اعظم

پاکستان علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے ترکیہ اور تمام دوست ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے گندم کی قیمتوں میں اضافے کے رجحان پر اظہار تشویش کیا ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت ضروری اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، ملکی ذخائر اور قیمتوں پر کنٹرول

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں طالبان مخالف گروپس کی گوریلا کارروائیاں تیز

طالبان رجیم کیخلاف صوبہ تخار، پروان اور بدخشاں میں مربوط کارروائیوں کا دعویٰ

کابل (آئی این پی) افغان طالبان رجیم کے خلاف مسلح کارروائیوں میں مسلسل تیزی آ گئی ہے۔ طالبان مخالف مسلح گروپوں نے طالبان رجیم کیخلاف صوبہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جمعیت کا ایڈوائزری کونسل میں شامل ارکان کو شوکاز نوٹس

زر خرید لوگوں کے ذریعے جھوٹے بیانیے سے قائد جمعیت کے کردار کو مسخ نہیں کیا جا سکتا

پشاور (آئی این پی) جمعیت علما اسلام صوبہ خیبر پختونخوا نے گورنر راج اور ایمرجنسی کو غیر جمہوری اقدام قرار دیتے ہوئے ایڈوائزری کونسل میں شامل

بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

برلن، صدر آصف علی زرداری جرمنی میں اعلیٰ حکام سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا نادرا میگا سنٹر کا دورہ

عملے کی عدم موجودگی پر اظہار ناراضی، تادیبی کارروائی کا حکم

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نادرا میگا سنٹر سانده لاہور کا دورہ کیا اور عملے کی عدم موجودگی پر سخت ناراضی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیوٹی کے دوران عملے کا موجود نہ ہونا سراسر بے انصافی سے کوتاہی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر حاضر عملے کے خلاف تادیبی کارروائی کا حکم دے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کے گھر میں چوری

پولیس تعینات ہونے کے باوجود قیمتی سامان غائب، دو گھریلو ملازمین گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کی ڈھوک امب میں واقع رہائش گاہ پر چوری کی واردات کا مقدمہ درج کر لیا گیا، رہائش گاہ پر پولیس اہلکار تعینات ہونے کے باوجود گھر سے قیمتی سامان

بقیہ نمبر 34 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض، سعودی اہلکار حوثیوں کے داغے گئے بیلسٹک میزائلوں کے ملبے کے پاس کھڑے ہیں

ایران پر بڑے حملے کی تیاری، سعودی اور حوثیوں میں بھی تصادم

امریکی بحری بیڑے پر بنکر بسٹر بم لوڈ کر دیئے گئے، ایک اور آپریشن کیا جا سکتا ہے، پاک بھارت جنگ کے دوران 11 طیارے گرائے گئے، ٹرمپ

صنعا اور اس کے گرد و نواح میں فضائی حملے، متعدد افراد جاں بحق اور زخمی، حوثیوں کے دو میزائلوں کو فضا میں ہی تباہ

تہران (این این آئی) صدر ٹرمپ کے مڈٹرم الیکشن سے قبل کوئی فوجی کارروائی کرنے سے گریز کی واضح پالیسی کے باوجود امریکا نے ایران پر بڑی بمباری کی تیاری مکمل کر لی۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بحیرہ عرب میں تعینات امریکی طیارہ بردار

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض (بلوچستان نیوز) سعودی فورسز نے یمن کے حوثی کنٹرول والے دارالحکومت صنعا اور اس کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قیصر شیخ کابینہ کمیٹی کی سربراہی سے فارغ، ہارون اختر چیئرمین مقرر

قیصر احمد شیخ کو نئی تشکیل شدہ کمیٹی کے ارکان میں بھی شامل نہیں کیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ سے کابینہ کمیٹی برائے ریگولیٹری اصلاحات کی سربراہی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

9 مئی کے 11 مقدمات کی سماعت ملتوی

راولپنڈی (آئی این پی) مئی کے 11 مقدمات کی سماعت 7 نومبر تک ملتوی ہو گئی۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں نو مئی کے دیگر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کے پی میں پی ٹی آئی حکومت کا ایک اور مالی اسکینڈل منظر عام پر آ گیا

2024-25 کے دوران 18 ارب 46 کروڑ روپے کی سنگین مالی خورد برد اور بے ضابطگیوں کا تہلکہ خیز انکشاف

ناقص منصوبہ بندی، بدترین اور کمزور انتظامی معاملات کی وجہ سے خزانہ کو 18 ارب 46 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا گیا

مظفر آباد (بلوچستان نیوز) خیبر پختونخوا کی سابقہ حکومت کا ایک اور مالی سکینڈل منظر عام پر آ گیا، جس میں چشم کشا انکشافات ہوئے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے دور حکومت میں سال 2024-25 کے دوران 18 ارب 46 کروڑ روپے کی سنگین مالی خورد برد اور بے ضابطگیوں کا تہلکہ خیز انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض، سعودی اہلکار حوثیوں کے داغے گئے بیلسٹک میزائلوں کے ملبے کے پاس کھڑے ہیں

ایران پر بڑے حملے کی تیاری، سعودی اور حوثیوں میں بھی تصادم

امریکی بحری بیڑے پر بنکر بسٹر بم لوڈ کر دیئے گئے، ایک اور آپریشن کیا جا سکتا ہے، پاک بھارت جنگ کے دوران 11 طیارے گرائے گئے، ٹرمپ

صنعا اور اس کے گرد و نواح میں فضائی حملے، متعدد افراد جاں بحق اور زخمی، حوثیوں کے دو میزائلوں کو فضا میں ہی تباہ

تہران (این این آئی) صدر ٹرمپ کے مڈٹرم الیکشن سے قبل کوئی فوجی کارروائی کرنے سے گریز کی واضح پالیسی کے باوجود امریکا نے ایران پر بڑی بمباری کی تیاری مکمل کر لی۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بحیرہ عرب میں تعینات امریکی طیارہ بردار

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض (بلوچستان نیوز) سعودی فورسز نے یمن کے حوثی کنٹرول والے دارالحکومت صنعا اور اس کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم عوامی ریلیف سے متعلق بڑا اعلان کر سکتے ہیں، حذیفہ رحمان

شہباز شریف کے پاس اعلان کرنے کیلئے اہم چیز ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) وزیر اعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے عوام کو بڑی امید دلاتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران عوامی ریلیف سے متعلق ایک بڑا اعلان کر سکتے ہیں اور وفاقی وزیر اطلاعات عطا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرول کی عالمی منڈی میں کہرام، خام تیل 117 ڈالر کا ہو گیا

مشرق وسطیٰ میں آئل تنصیبات کو مزید نقصان پہنچا تو پیٹرول 150 ڈالر فی بیرل تک جا سکتا ہے

امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ بھی 103.27 ڈالر پر پہنچ گیا، یہ اپریل کے بعد بلند سطح پر ہے

نیویارک (آئی این پی) مشرق وسطیٰ میں جنگ کے بادل اور آبنائے ہرمز میں ٹینکرز پر حملوں نے تیل کی عالمی مارکیٹ میں آگ لگا دی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق برینٹ کروڈ نیویارک ٹریڈنگ کے دوران 3.8 فیصد اضافے سے 117.45 ڈالر فی بیرل تک پہنچا بعد میں 116.72 پر بند ہوا۔ یہ اپریل کے بعد بلند ترین سطح ہے اور صرف اکتوبر میں تیل 10 فیصد سے زیادہ مہنگا ہو چکا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف سے بندہ توڑ کر آئندہ وزیر اعلیٰ کے پی کیلئے تیار کر لیا گیا، کامران مرتضیٰ

حکومتی رضامندی اور مدد سے کے پی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے اندر فارورڈ بلاک بنے گا اور پھر معاملات آگے چلیں گے

محمود اچکزئی کا احترام کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نہیں بنیں گے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما جمعیت علمائے اسلام سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا کے اگلے وزیر اعلیٰ وفاقی حکومت کے حمایت یافتہ ہوں گے، پی ٹی آئی سے بندہ توڑ کر آئندہ وزیر اعلیٰ کے پی کیلئے تیار کر لیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بیوٹمز اسکول آف لاء میں موٹ کورٹ کا آغاز، تعاون کرتے رہیں گے، چیف جسٹس

جدید تحقیق اور عملی تربیت کے ذریعے مستقبل کے قانون دانوں کی تیاری موثر انداز میں ہو سکے گی، جسٹس کامران ملاخیل

بلوچستان میں قانونی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور عدالتی نظام کے لیے قابل، افراد تیار کرنے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (پ ر): بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) نے اپنے اسکول آف لاء میں موٹ کورٹ (Moot Court) کا آغاز کر دیا، جو بلوچستان میں قانونی تعلیم کے فروغ، طلبہ کی عملی تربیت اور عدالتی شعبے کے لیے باصلاحیت قانون دان تیار کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی چیف جسٹس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت مقبوضہ کشمیر کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، فاروق عبداللہ

اگر ہمت سے بھارت کا مقابلہ نہیں کریں گے تو مٹ جائیں گے

مظفر آباد (بلوچستان نیوز) مقبوضہ جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ نے بھارت کی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سمر ٹائم کا خاتمہ، برطانیہ میں گھڑیاں ایک گھنٹہ پیچھے کر دی گئیں

لندن (این این آئی) برطانیہ میں موسم گرما کے اختتام پذیر ہونے پر اب برطانیہ میں گھڑیاں آج شب ایک گھنٹہ پیچھے کر دی گئیں، برطانوی میڈیا نے بتایا کہ برطانوی وقت کے مطابق رات 2 بجے سمر ٹائم ختم ہو گیا اور ٹائم ایک گھنٹے پیچھے کر دیا گیا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران کے صدر مسعود پزشکیان رواں ہفتے روس کا دورہ کریں گے

تہران (آئی این پی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان رواں ہفتے روس کا دورہ کریں گے، جہاں وہ روسی صدر ولادیمیر پوٹن سے دوطرفہ تعلقات اور اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

پنشن کوئی خیرات نہیں ملازم کا قانونی حق ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

دو دہائیوں تک ملازم کی سروس تسلیم کرنے کے بعد ریٹائرمنٹ پر پنشن روکنا غیر قانونی ہے

پنشن دورانِ ملازمت کی جانے والی محنت کا مؤخر شدہ معاوضہ، جو بڑھاپے میں مالی سیکیورٹی کے لیے دیا جاتا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 30 سالہ سروس مکمل کرنے والے ریٹائرڈ ملازم کی پنشن کی عدم فراہمی کے خلاف درخواست پر اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے وزارت خزانہ اور تمام متعلقہ حکام کو درخواست گزار کی پنشن اور ریٹائرمنٹ کی تمام مراعات فوری جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہ رخ ارجمند نے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ پنشن کوئی خیرات، رعایت یا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

35 بلوچستان نیوز پیتے

ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے مختلف علاقوں 28 مارچ تک جاری رہے گا۔

36 بلوچستان نیوز پیتے

کے خوشگوار موسم سے بھارت مقبوضہ کشمیر کو لطف اٹھانے کی دعوت دیتا رہا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ سیاح وہاں کے خطے میں جاری کشیدگی کے سائے میں آتے ہیں۔ مقبوضہ وادی کے مختلف علاقوں میں ہر سال لاکھوں سیاح آتے ہیں، جن میں ہندو یاتری بھی شامل ہوتے ہیں جو امرناتھ کی مقدس یاترا کے لیے آتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر الحاق کے بعد سے وہاں بڑی فوجی تعداد تعینات کی گئی ہے۔ مقبوضہ وادی کے مختلف علاقوں میں ہر سال لاکھوں سیاح

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

صحبت پور، میونسپل کمیٹی کے ملازمین 3 ماہ سے تنخواہوں سے محروم

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں میونسپل کمیٹی کے مستقل اور دہاڑی دار (ڈیلی ویجز) ملازمین گزشتہ 3 ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث شدید مالی بحران اور معاشی بدحالی کا شکار ہو گئے ہیں، جس کی وجہ سے ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور میونسپل کمیٹی کے پاس اپنی کوئی سرکاری زمین یا تجارتی دکانیں موجود نہیں ہیں جن سے آمدن حاصل ہو سکے

دہشتگردی، بدامنی اور بدخشحالی کے عزم کو مترنزل نہیں کر سکتے

علی مدد جنگ

دہشت گردی کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے اور صوبے کی ترقی کے سفر کو روکنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی، عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں

بلوچستان کا امن اور عوام کی خوشحالی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، صوبے کو پرامن، مستحکم اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے تمام محبِ وطن قوتیں اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی، مرکزی رہنماء پیپلز پارٹی وصوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکنِ صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جنگ نے گوادر میں دہشت گردی کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں حاجی علی مدد جنگ نے کہا کہ گوادر میں دہشت گردی کی کوشش ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے جس جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی مستعدی اور قومی سلامتی کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ حاجی علی مدد جنگ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام، پائیدار ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گردی کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے اور صوبے کی ترقی کے سفر کو روکنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سمیت بلوچستان کے تمام علاقوں میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ناگزیر ہے۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور عوام کے روشن مستقبل کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ حاجی علی مدد جنگ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد، عوامی یکجہتی اور سیکیورٹی اداروں کی کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا امن اور عوام کی خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور صوبے کو پرامن، مستحکم اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے تمام محبِ وطن قوتیں اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال ناصر ملک عیسیٰ خان کاکڑ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایس ایس پی لورالائی کا اہم مقدمے کی جوائنٹ انویسٹی گیشن کے سلسلے میں ڈی کا دورہ

ڈی کی (خ ن) ایس ایس پی لورالائی نے ایک اہم مقدمے کی جوائنٹ انویسٹی گیشن (JIT) کے سلسلے میں ضلع ڈی کی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مقدمے کی تفتیش کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے گواہان کے بیانات قلمبند کیے اور جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کیا جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (JIT) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس لورالائی کے احکامات پر تشکیل دی گئی ہے، جس میں ایس پی ڈی کی اور مقدمے کے تفتیشی افسر بھی شامل ہیں۔

ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، شاہد رند

ترقی کا حقیقی مقصد اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے عوام تک پہنچانا ہے

ورلڈ ڈویلپمنٹ انفارمیشن ڈے اس عزم کی تجدید کا موقع ہے کہ معلومات تک عوام کی رسائی کو مزید مؤثر بنایا جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ورلڈ ڈویلپمنٹ انفارمیشن ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ترقیاتی امور سے متعلق درست اور مستند معلومات تک عوام کی رسائی ان کا بنیادی حق اور شفاف حکمرانی کا اہم تقاضا ہے۔ باخبر شہری نہ صرف ترقیاتی منصوبوں سے بہتر طور پر مستفید ہو سکتے ہیں بلکہ حکومتی اقدامات کی نگرانی اور جوابدہی کے عمل میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ ترقیاتی معلومات کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنا اور ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے مستند معلومات کی بروقت فراہمی ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت یقینی بنانے، بدعنوانی کی روک تھام اور عوامی فلاح کے ثمرات مستحق افراد تک پہنچانے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر منصوبہ بندی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لیے درست اعداد و شمار اور زمینی حقائق پر مبنی معلومات بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ جب عوام کو ترقیاتی منصوبوں کے مقاصد، مختص وسائل، پیش رفت اور متوقع فوائد سے آگاہ کیا جاتا ہے تو عوامی اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور ترقیاتی عمل میں شہریوں کی شمولیت کو فروغ ملتا ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ترقی کا حقیقی مقصد اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے عوام تک پہنچانا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی معلومات تک بلا امتیاز رسائی یقینی بنائی جائے اور عوام کو جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعے آسان، قابلِ فہم اور مستند معلومات فراہم کی جائیں۔ شاہد رند نے کہا کہ محکمہ اطلاعات عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ ہے

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قومی یکجہتی ناگزیر ہے

سلیم کھوسہ

قومی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی کوششیں نہایت اہمیت کی حامل ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

امن واستحکام کے بغیر ملک میں ترقی خوشحالی اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ نہیں دیا جا سکتا، ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کے لیے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ وقت کا تقاضا ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری مسلم لیگ ن

نصیر آباد (کے بی منٹی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی جانب سے کور ہیڈ کوارٹر دورہ کے موقع پر اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف پاک افواج کی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار قابلِ تحسین ہے، ہم ان کے بیان کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک میں پائیدار امن وامان کا قیام عوام کے جان و مال کا تحفظ اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے جس کے لیے قومی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی کوششیں نہایت اہمیت کی حامل ہیں میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہیا نہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی، مؤثر اقدامات اور قومی یکجہتی ناگزیر ہیں کیونکہ امن و استحکام کے بغیر ملک میں ترقی خوشحالی اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ نہیں دیا جا سکتا انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کے لیے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ وقت کا تقاضا ہے، صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سلامتی خودمختاری اور امن کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی کوششوں کی حمایت جاری رہنی چاہیے تاکہ ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے عوام کو ایک محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے

کوالیفائڈ ڈسپنسرز کو "بی کیٹیگری فارمیسی" سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا مطالبہ

بولان (نامہ نگار) کوالیفائڈ میڈیکل ٹیکنیشنز اور ڈسپنسرز کو "بی کیٹیگری فارمیسی" سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے (عوامی سماجی حلقے) تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں فارمیسی ٹیکنیشن کا دو سالہ کورس کرانے والا کوئی ادارہ تا حال موجود نہیں ہے جہاں سے تعلیم یافتہ افراد فارمیسی ٹیکنیشن کا دو سالہ کورس کر سکیں لہذا ضروری ہے کہ ماضی کی طرح کم از کم دس سال یا اس سے زائد عرصہ سے کوالیفائڈ، تجربہ کار میڈیکل ٹیکنیشنز اور ڈسپنسرز کو حکومت بلوچستان محکمہ صحت مفاد عامہ میں "بی کیٹیگری فارمیسی" کا سرٹیفکیٹ جاری کرے تاکہ وہ اپنا میڈیکل سٹور کھول کر باعزت طریقے سے روزگار کما سکیں۔

حادثے میں انسانی جانوں کا ضیاع ناقابلِ تلافی نقصان ہے، قاسم رنجھو

اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے دکھ کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا

لسبیلہ (نامہ نگار) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر امور گلگت بلتستان وسیفران کے چیئرمین سینیٹر اسد قاسم روجھو نے زیرو پوائنٹ پر پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں 15 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے اس افسوس ناک سانحے پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہلِ خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے، سینیٹر اسد قاسم روجھو نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ زیرو پوائنٹ ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوس ناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے اس المناک واقعے نے متاثرہ خاندانوں کو شدید صدمے سے دوچار کیا ہے دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ انسانی جانوں کا ضیاع ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے اور اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے دکھ کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا ایسے مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی، یکجہتی اور تعاون کا اظہار ہم سب کی ذمہ داری ہے، سینیٹر اسد قاسم روجھو نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کی مغفرت فرمائے انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے

زیارت، ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت روڈوں کی تعمیر ومرمت کا کام جاری ہے

تمام اُمیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کیے جائیں گے، کمشنر لورالائی

محکمہ صحت کے تحت کنٹریکٹ کی بنیاد پر خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز، امیدواروں کی پیشہ ورانہ قابلیت کا جائزہ لیا گیا

کسی بھی امیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور اہلیت وقابلیت کو ہی انتخاب کا بنیادی معیار بنایا جائے، ولی محمد بزیچ

لورالائی (عمر زئی ناصر) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزیچ کی نگرانی میں محکمہ صحت کے تحت کنٹریکٹ کی بنیاد پر خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کا عمل منعقد ہوا، جس میں لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں امیدواروں نے شرکت کی۔ انٹرویوز میں سرجن، گائنا کولوجسٹ سرجن، میڈیکل آفیسرز اور ڈینٹل سرجنز سمیت محکمہ صحت کی مختلف خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کی اہلیت اور پیشہ ورانہ قابلیت کا جائزہ لیا گیا۔ لورالائی، موسیٰ خیل، زیارت، ڈی کی اور ہرنائی سمیت ڈویژن کے مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں امیدوار انٹرویوز کے لیے پہنچے اس موقع پر محکمہ صحت کے متعلقہ افسران اور ماہرین پر مشتمل ٹیموں نے امیدواروں کے تعلیمی ریکارڈ، پیشہ ورانہ قابلیت، تجربے اور مقررہ معیار کے مطابق انٹرویوز لیے، جبکہ امیدواروں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ امور کی بھی جانچ پڑتال کی گئی۔ انٹرویوز کا عمل منظم اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات کو یقینی بنایا گیا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزیچ نے انٹرویوز کے عمل کا خود بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے بھرتی کے طریقہ کار، امیدواروں کی شرکت اور انتظامات کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے مختلف انٹرویو پینلز کی کارکردگی اور امیدواروں کے لیے فراہم کردہ سہولیات کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈی کی فضل الرحمٰن کبدانی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد فہیم اوتمانخیل، ایم ایس ڈی کی ڈاکٹر جوہر خان، ایم ایس لورالائی ڈاکٹر ثاقب اللہ نیازی سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بھرتی کے تمام مراحل میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں اور تمام امیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی امیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور اہلیت و قابلیت کو ہی انتخاب کا بنیادی معیار بنایا جائیانہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں خالی آسامیوں پر اہل اور قابل ڈاکٹرز کی تعیناتی سے لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، صحت کے مراکز کی کارکردگی میں بہتری اور طبی عملے کی کمی دور کرنے میں مدد ملے گی۔ کمشنر نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی بھرتیوں کے نتیجے میں دور دراز علاقوں کے عوام کو بھی معیاری طبی خدمات کی فراہمی مزید بہتر ہوگی۔

ڈی کی، ڈی سی فضل الرحمٰن کبدانی پی پی ایچ آئی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ژوب شیرانی موبائل انٹرنیٹ کی بندش کاروباری سرگرمیاں متاثر

انٹرنیٹ سروس کو فوری بحال کیا جائے، بصورت دیگر عوامی احتجاج کی کال دی جا سکتی ہے، ہارون خان، نادر بلوچ و دیگر کی پریس کانفرنس

شہری اور دیہی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کر کے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، کیسکو حکام سے مطالبہ

ژوب (نامہ نگار) آل انجمن تاجران کے رہنماں ہارون خان کلیوال، عبدالغنی شیرانی، حاجی نادر خان بلوچ، حاجی محمد دین خروٹی، حبیب الرحمان کاکڑ، محمد رحیم شیرانی، امام شاہ، مولاداد قریشی، حکیم شاہ مندوخیل، سوشل ورکر عبدالرحمٰن شیرانی، قاری تیمور شیرانی اور دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ژوب اور شیرانی میں گزشتہ دو ہفتوں سے موبائل انٹرنیٹ کی بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر، طلبا کی تعلیم متاثر اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ موجودہ دور میں تعلیم، تجارت، روزگار اور رابطوں کی بنیادی ضرورت ہے، اس کی مسلسل بندش سے تاجروں، طلبا، فری لانسرز اور صحافیوں سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ افراد متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے منتخب نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کی خاموشی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ژوب اور شیرانی میں انٹرنیٹ سروس فوری بحال کی جائے، بصورت دیگر عوامی احتجاج کی کال دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کیسکو حکام سے بھی مطالبہ کیا کہ شہر اور دیہی علاقوں میں صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے اور شام 6 بجے سے رات 3 بجے تک بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں، فضل الرحمٰن کبدانی

منصوبوں کی تکمیل سے بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی

ڈی کی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈی کی فضل الرحمٰن کبدانی نے بلوچستان اسٹرکچرل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام، پیش رفت، رفتار اور معیار کا موقع پر جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ ڈگری کالج ڈی کی، تحصیل نبوت چوک، ٹیکسی اسٹینڈ، تھل لونی ٹرانسپورٹ اڈہ سمیت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈی کی میں زیرِ تعمیر زچہ و بچہ مرکز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے نے ڈپٹی کمشنر کو مختلف منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت، تعمیراتی مراحل اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے منصوبوں کے تعمیراتی کام کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں میں تعمیراتی معیار، منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ اسپیکس اور سرکاری ضوابط پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اس لیے کام کی رفتار کو مزید تیز کرتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کی تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ BSD پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی تکمیل سے ڈی کی کے عوام کو تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران اور تعمیراتی عملہ بھی موجود تھا۔

بارکھان، ڈی ای او بہادر شاہ طالبات میں اسٹیشنری کا سامان تقسیم کر رہے ہیں

کوئٹہ، سید جاوید اقبال سیکرٹری ثقافت حمید اللہ ناصر ڈائریکٹر داؤد ترین این اے پی اے کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، ایس پی جھل مگسی

پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے، رحمت اللہ درانی

امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے، جرائم کے سدباب اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے پولیس اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی نے کہا ہے کہ ضلع میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مقامی صحافیوں سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او گنداواہ ذوالفقار علی پندرانی بھی موجود تھے۔ ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی نے کہا کہ پولیس کی بنیادی ذمہ داری عوام کے جان و مال کا تحفظ، جرائم کی روک تھام اور علاقے میں امن وامان کی فضا برقرار رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کو مزید فعال، مستعد اور مؤثر بنانے کے لیے پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے ساتھ جدید تقاضوں کے مطابق اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع جھل مگسی میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے، جرائم کے سدباب اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی۔

کوئٹہ، نجی ہاؤسنگ اسکیم کے سی ای او فیض اللہ خلجی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محمد طاہر کا قتل قابلِ مذمت، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن

کوئٹہ میں آئے روز بے گناہ عوام کا خون جس بے دردی سے بہایا جا رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک اور تشویش ناک ہے، عین اللہ شمس

جگہ جگہ قائم چیک پوسٹوں کے باوجود چوروں اور قاتلوں کا آزادانہ دندناتے پھرنا حکومتی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ختیار، مفتی ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے ہزارگنجی کوئٹہ میں چوروں کے ہاتھوں جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رکنِ عمومی حاجی نعمت اللہ کے جواں سال صاحبزادے محمد طاہر کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں چور اور قاتل بے خوف دندناتے پھر رہے ہیں حکومت اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آئے روز بے گناہ عوام کا خون جس بے دردی سے بہایا جا رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک اور تشویش ناک ہے۔ شہری بدامنی کی آگ میں جل رہے ہیں اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھاتے اٹھاتے تھک چکے ہیں مگر حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ روزانہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع اس بدقسمت شہر کے عوام کا مقدر بن چکا ہے۔ رہنماں نے کہا کہ شہر کے اندر جگہ جگہ قائم چیک پوسٹیں عوام کو ذلیل وخوار کرنے کے سوا کسی مرض کی دوا نہیں۔ جگہ جگہ قائم چیک پوسٹوں کے باوجود چوروں اور قاتلوں کا آزادانہ دندناتے پھرنا حکومتی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ امن وامان کی مخدوش صورتِ حال پر بارہا توجہ دلانے کے باوجود حکومتی غفلت اور انتظامی لاپروائی کا تسلسل ناقابلِ برداشت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محمد طاہر کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور کوئٹہ میں امن وامان کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

کوئٹہ، الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن کے نومنتخب صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ و دیگر کا گروپ فوٹو

سیوی میں ہندو تاجر کا قتل قابل مذمت ہے، سنجے کمار

ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، پارلیمانی سیکرٹری

نصیر آباد (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے بین المذاہب ہم آہنگی بلوچستان، سنجے کمار سنچوانی نے سبی کے رہائشی بسنت کمار عرف بھشے ولد مانک لعل کے ڈاکوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ سنجے کمار سنچوانی نے کہا کہ ایک بے گناہ شہری کا اس طرح سفاکانہ انداز میں قتل ہونا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ بے گناہ شہریوں کا قتل کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد جوائنٹ انویسٹی گیشن کے سلسلے میں ڈی کا دورہ اور جگہ کا معائنہ کر رہے ہیں

ضلعی ہیڈکوارٹر کو آئینی وقانونی حیثیت کے مطابق بحال کیا جائے

شیرانی (نامہ نگار) ضلعی ہیڈکوارٹر شیرانی، ستھرا راغہ کی آئینی وقانونی حیثیت کی بحالی، سرکاری دفاتر کی فعالیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری پرامن دھرنا 245 ویں روز بھی جاری رہا۔ دھرنے میں آل شیرانی حریفال اتحاد کے سربراہ سردار غلام سرور شیرانی ممبر کور کمیٹی اور شیرانی حریفال کمیٹی کے سربراہ ملک امان اللہ حریفال، ملک فضل الرحمان شیرانی، حاجی زکریا خان شیرانی، حاجی داد شاہ شیرانی، میر ہجو شیرانی، سلیمان شاہ شیرانی، گل خان شیرانی، دلبر خان شیرانی اور دیگر نے شرکت کی۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ ستھرا راغہ کی زمین سے متعلق حکومت اور قوم کے درمیان طے شدہ اسٹام منسوخ کر کے زمین اصل مالکان کے حوالے کی جائے، بصورت دیگر ضلعی ہیڈکوارٹر کو آئینی و قانونی حیثیت کے مطابق بحال کیا جائے۔ انہوں نے سرکاری محکموں میں بااختیار افسران و عملے کی تعیناتی، سٹیلمنٹ کی تکمیل اور ٹانک، چچوبی وانزر خیزئی سڑکوں کی تعمیر ومرمت پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دھرنا کسی فرد، ادارے یا سیاسی جماعت کے خلاف نہیں بلکہ عوام کے آئینی حقوق اور بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے ہے، اور مطالبات پر عملی پیش رفت تک پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔ بعد ازاں آل شیرانی حریفال اتحاد اور کمیٹی کے ممبران پر مشتمل وفد نے رہبر جمعیت علما اسلام مولانا محمد خان شیرانی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، جس میں علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلوئی کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈی کی کا دورہ

ڈی کی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈی کی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلوئی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈی کی اور بنیادی مرکز صحت (BHU) کلی علی محمد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال اور مرکز صحت میں دستیاب طبی سہولیات، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور ہسپتال آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی موجودگی اور مریضوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ بھی لی اسسٹنٹ کمشنر فتح خان ہنگلوئی نے طبی مراکز میں صفائی ستھرائی کے معیار، مریضوں کے لیے سہولیات اور ریکارڈ کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتال اور بنیادی مراکز صحت عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہیں، اس لیے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین اپنی ڈیوٹی میں باقاعدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ عوام کو علاج معالجے، ادویات اور دیگر ضروری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اسسٹنٹ کمشن

ایڈیٹر و پبلشر محمد انور ناصر نے روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 5 سپنزر پلازہ اینگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

بلوچستان نیوز BALOCHISTAN NEWS QUETTA

ادارتی صفحہ 4 EDITORIAL PAGE

معاشی استحکام کے لئے ساختی اصطلاحات و دیگر اقدامات کے تسلسل کی ضرورت

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام کے لئے ساختی اصلاحات پر عملدرآمد جاری ہے اور حکومت کی توجہ برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی، ٹیکس نظام کی بہتری، توانائی کی لاگت میں کمی اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی پر مرکوز ہے۔ ہفتہ کے روز ایک نجی یونیورسٹی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ماضی کے بوم اینڈ بسٹ معاشی چکر سے نکل کر ایسی ترقی کی راہ اختیار کرنا ہوگی جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں اور معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچیں درآمدات پر ضرورت سے زیادہ انحصار کے باعث ماضی میں پاکستان کو ادائیگیوں کے توازن کے بحرانوں کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد معیشت کو دوبارہ مستحکم کرنے میں چار سے پانچ سال لگ جاتے تھے۔ اس صورت حال سے بچنے کے لئے برآمدات میں اضافے، پیداواری صلاحیت بہتر بنانے اور معاشی بنیادوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل کوششوں کے نتیجے میں پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں گزشتہ سال اپریل سے اب تک تین مرتبہ بہتری آئی ہے۔ عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی کے لئے بھی اقدامات کئے گئے ہیں۔ پاکستان نے رواں سال اپریل میں نجی پلیسمنٹ کی، پانڈا بانڈز کے اجرا کے ذریعے عالمی منڈیوں تک رسائی کی کوششیں آگے بڑھائیں اور ستمبر کے پہلے ہفتے میں تین ارب یورو کے بانڈز جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی یورو بانڈز کے لئے سرمایہ کاروں کی جانب سے موصول ہونے والے آرڈرز جاری کردہ حجم سے دوگنا تھے، جبکہ ایشیا، مشرق وسطی، یورپ اور امریکا کے سرمایہ کاروں نے بھی دلچسپی ظاہر کی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں اور تین ماہ سے زائد کی درآمدات کے لئے کافی ہیں، جبکہ ماضی میں یہ ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کے برابر رہ گئے تھے عالمی سرمایہ کار اب آئی ایم ایف پروگرام کے بعد پاکستان کی معاشی صورت حال کا بھی جائزہ لے رہے ہیں۔ پاکستان کا موجودہ آئی ایم ایف پروگرام آئندہ سال اکتوبر میں ختم ہونا ہے، اس لئے معاشی استحکام برقرار رکھنے، سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے اور پالیسیوں میں تسلسل یقینی بنانے کے لئے اصلاحات پر عملدرآمد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکس نظام میں بہتری، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور برآمدات کے فروغ کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ ہم وزیر خزانہ کے عزم کو سراہتے ہیں اور اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں حقیقت بھی یہی ہے کہ موجودہ حکومت نے معیشت کی بحالی و استحکام اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے نامساعد حالات کے باوجود بہتر انداز میں کام کیا ہے اور اب تک اہم کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں۔ ماضی میں پاکستان کی معیشت کو بارہا ایسے ادوار کا سامنا کرنا پڑا جب معاشی سرگرمیوں میں تیزی کے بعد ادائیگیوں کے توازن کا بحران پیدا ہوا، زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ بڑھا اور اقتصادی استحکام کے لئے مشکل فیصلے کرنا پڑے۔ درآمدات پر ضرورت سے زیادہ انحصار، برآمدات کی محدود بنیاد، توانائی کی بلند لاگت اور ٹیکس محصولات میں اضافے کی مشکلات نے معیشت کی رفتار کو متاثر کیا۔ ان تجربات سے واضح ہوتا ہے کہ قومی معیشت کو مستحکم بنانے کے لئے محض شرح نمو میں اضافہ کافی نہیں، بلکہ اس اضافے کو پیداواری صلاحیت، برآمدی آمدنی، سرمایہ کاری اور روزگار کے پائیدار مواقع سے منسلک کرنا ضروری ہے۔ موجودہ حکومت کی جانب سے ان بنیادی مسائل پر توجہ مرکوز کرنا ایک اہم پیش رفت ہے، جسے موثر پالیسیوں اور مسلسل عملدرآمد کے ذریعے مزید نتیجہ خیز بنایا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں معاشی نظم و ضبط، اصلاحات اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کے لئے کی جانے والی کوششیں اس امر کی متقاضی ہیں کہ اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے اقتصادی پالیسیوں میں تسلسل سے کاروباری طبقے کو مستقبل کے بارے میں اعتماد ملتا ہے، سرمایہ کاری کے فیصلوں میں غیر یقینی کم ہوتی ہے اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار طویل المدتی منصوبوں کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ اتحادی حکومت کی معاشی ترجیحات کی کامیابی کے لئے سیاسی استحکام، ادارہ جاتی تعاون اور پالیسیوں کا تسلسل بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ قومی معیشت کو مضبوط بنانا کسی ایک حکومت یا ادارے کی ذمہ داری نہیں، تاہم حکومت کی قیادت، درست ترجیحات اور موثر انتظامی اقدامات اس مقصد کے حصول میں فیصلہ کن کردار ادا کرتے ہیں۔ اقتصادی بحالی میں برآمدات کا فروغ کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ جب تک ملکی معیشت عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل نہیں بنتی اور مصنوعات و خدمات کی برآمدات میں مسلسل اضافہ نہیں ہوتا، اس وقت تک بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو مستقل بنیادوں پر بہتر بنانا مشکل رہے گا۔ حکومت کی جانب سے برآمد کنندگان کو سہولتیں فراہم کرنے، مالیاتی معاونت کے اقدامات اور ٹیرف میں اصلاحات پر توجہ دینا اسی ضرورت سے مطابقت رکھتا ہے۔ اب وقت کا تقاضا ہے کہ تمام شعبوں میں جدت، بہتری اور اصلاح احوال کی پہلے سے جاری کوششوں کو مزید تیز کیا جائے معاشی ترقی کی حقیقی کامیابی کا معیار عام شہری کی زندگی میں بہتری ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت کی اقتصادی پالیسیاں نتیجہ خیز ثابت ہو رہی ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ ساختی اصلاحات کا تسلسل، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافہ، توانائی کی لاگت میں کمی، ٹیکس نظام کی بہتری اور نجی شعبے کی مؤثر شمولیت یقینی بنانے کے لئے جاری کوششوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت کی جانب سے ان شعبوں کو ترجیح دینا معاشی بحالی کی سمت ایک اہم کوشش ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اقدامات پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد جاری رکھا جائے اور اصلاحات کے ثمرات بتدریج عوام تک پہنچائے جائیں۔

تحریکِ انصاف کی سیاست پر سوشل میڈیا کے اثرات

عبدالواسع

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں جب بھی عوام کسی جماعت کو اقتدار کا مینڈیٹ دیتے ہیں تو ان کی امید اچھی حکمرانی، معاشی بہتری اور روزمرہ مسائل کے حل سے جڑی ہوتی ہے۔ کسی بھی جمہوریت میں عوام کا ووٹ صرف ایک حقِ رائے دہی نہیں بلکہ ایک مقدس امانت ہوتا ہے، جس کا مقصد عوامی خوشحالی اور ملکی استحکام کو یقینی بنانا ہے۔ جمہوریت کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ منتخب قیادت عوامی مسائل اور منشور کو کس حد تک ترجیح دیتی ہے۔ تحریک انصاف کو بھی عوام نے یہی اعتماد دیا۔ گلی محلے کا کارکن اور ضلعی تنظیم اس جماعت کی بڑی طاقت سمجھی جاتی تھی، اور اسی گراونڈ سسٹم نے اسے ملک کی ایک بڑی سیاسی قوت بنایا۔ لیکن 2024 میں خیبر پختونخوا میں منتخب حکومت بنانے کے بعد تحریک انصاف کا سارا وژن اور طاقت عوامی مسائل کے حل کے بجائے صرف اور صرف اپنے قائد کو جیل سے نکالنے کی کوششوں پر سلب ہو کر رہ گئے۔ حالانکہ سب جانتے ہیں کہ یہ رہائی صرف عدالتوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ عدالتی معاملات عدالتوں میں طے ہوتے ہیں، سڑکوں اور سوشل میڈیا ٹرینڈز سے نہیں۔ اس غلط حکمت عملی، بدتر پالیسیوں اور اندرونی خلفشار کے باعث پارٹی کا سسٹم نچلی سطح پر مکمل طور پر مسمار ہو گیا، عوام میں شدید مایوسی پھیل گئی اور یہی وجہ ہے کہ تحریک انصاف کی لانگ مارچ کی کال میں عوام کی کوئی دلچسپی نہ تھی اور گراونڈ پر عوام کی غیر موجودگی نے اس سیاسی حکمت عملی کا پول کھول دیا۔ اسی سیاسی خلا، گراونڈ سسٹم کے فلوج اور پارٹی کی اندرونی ٹوٹ پھوٹ کا فائدہ ان عناصر نے اٹھایا جو ملک سے باہر بیٹھ کر ڈیجیٹل اسکرینوں کے ذریعے سیاست چلا رہے تھے۔ تحریک انصاف کے بیرونِ ملک سے چلنے والے تمام سوشل میڈیا اکاونٹس، ولاگرز اور یوٹیوبرز نے اس پارٹی کو صرف اور صرف ایک "سوشل میڈیا کی پارٹی" بنا کر رکھ دیا۔ ان ولاگرز کا مقصد ملکی استحکام، ورکرز کی بھلائی یا سیاسی اصلاحات ہرگز نہیں ہے، بلکہ وہ باہر بیٹھ کر صرف ڈالرز کمانے، ویوز اور سبسکرائبرز بڑھانے کی ہوس میں پاکستان کے اندر موجود جذباتی کارکنان کو ایندھن کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کو ڈبونے، اس کے گراونڈ ووٹ بینک کو تباہ کرنے اور اسے سیاسی بند گلی میں دھکیلنے میں انہی بیرونِ ملک بیٹھے ولاگرز اور غیر ذمہ دار سوشل میڈیا ہینڈلرز کا سب سے بڑا ہاتھ ہے۔ دنیا کے کسی بھی مہذب، باہمتی اور خودمختار ملک میں اس بات کی بالکل اجازت نہیں دی جا سکتی کہ باہر بیٹھے کچھ یوٹیوبرز کسی ملک کی اندرونی سیاست کو ہائی جیک کر لیں، ریاست کے خلاف پرتشدد اشتعال انگیزی پھیلائیں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں کی ترغیب دیں۔ تحریک انصاف کے سوشل میڈیا اکاونٹس چلانے والے عناصر امریکہ، برطانیہ اور یورپ کی محفوظ پناہ گاہوں میں بیٹھ کر نہ صرف ریاستی اداروں کے خلاف شدید پراپیگنڈا مہم چلاتے ہیں بلکہ مصنوعی ذہانت اور ڈیپ فیک ٹیکنالوجی کے ذریعے جھوٹی خبریں اور گمراہ کن بیانیے بھی تخلیق کرتے ہیں۔ اس ڈیجیٹل اشتعال انگیزی کے نتیجے میں پاکستان کے اندر جذباتی ہو کر قانون ہاتھ میں لینے والے ہزاروں پارٹی کارکنان کا انسدادِ دہشت گردی کے مقدمات، طویل قید، جے آئی ٹی (JIT) تحقیقات اور معاشی و سماجی تباہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ بیرونِ ملک بیٹھے عناصر کسی بھی قسم کی قانونی یا جسمانی گرفت سے مکمل محفوظ رہتے ہیں۔ 9 مئی کے ملک گیر پرتشدد احتجاج اور فسادات اس بھیانک تضاد کی سب سے بڑی تاریخی مثال ہیں، جہاں سمندر پار چلنے والے ہینڈلرز نے حساس تنصیبات اور فوجی مقامات جیسے کہ جی ایچ کیو راولپنڈی اور جناح ہاؤس لاہور پر دھاوے بولنے کے لیے لائیو ٹویٹس، نقشوں اور ویڈیوز کے ذریعے اشتعال پھیلایا۔ اس ڈیجیٹل اکساوے کے نتیجے میں گراونڈ پر موجود عام ورکرز نے قانون ہاتھ میں لیا جس سے ملک کو اربوں روپے کا نقصان پہنچا، جبکہ اکسانے والے بیرونِ ملک محفوظ رہے اور پاکستان میں موجود ہزاروں نچلی سطح کے غریب پارٹی کارکنان آج بھی سنگین مقدمات کا سامنا کرتے ہوئے جیلوں میں سڑ رہے ہیں۔ اسی طرح 24 تا 26 نومبر 2024 کے اسلام آباد فسادات میں بھی یہی پیٹرن کھل کر سامنے آیا، جب ان بیرونی اکاونٹس نے مسلسل یہ بیانیہ قائم کیا کہ یہ "آر یا پار" کا معرکہ ہے اور کارکنان کو ڈی چوک اور ریڈ زون کی طرف خونی تصادم کے لیے دھکیلا۔ ان اکاونٹس نے دارالحکومت میں سیکیورٹی اہلکاروں پر حملوں اور جلاؤ گھیراؤ کی سوشل میڈیا پر مسلسل لائیو کوریج کر کے دور بیٹھے تماشائیوں کی طرح داد دی، لیکن جیسے ہی سیکیورٹی فورسز نے آدھی رات کو کلیئرنس آپریشن شروع کیا، تو پبلک کو کنٹینرز پر بے یار و مددگار چھوڑ کر مرکزی مقامی قیادت وہاں سے فرار ہو گئی، جس کے بعد ہزاروں مقامی ورکرز موقع پر گرفتار ہوئے اور ان کا سیاسی و قانونی مستقبل تاریک ہو گیا۔ اکتوبر 2026 میں بھی سہیل آفریدی کی قیادت میں ناکام ہونے والا لانگ مارچ اس مائنڈ سیٹ کی بدترین ناکامی بن کر ابھرا ہے، جہاں بیرونی اکاونٹس نے تو مہینوں پہلے سے ٹرینڈز چلا کر لاکھوں کے طوفان "اور "ریاست کو جام کرنے" کے فرضی دعوے کیے، لیکن زمینی حقائق اس کے بالکل برعکس نکلے جس کا سوشل میڈیا پر غلغلہ مچایا گیا تھا اس مس ایڈونچر کے نتیجے میں جہاں خیبر پختونخوا میں پارٹی کو بے پناہ نقصان ہوا، وہیں سوشل میڈیا کے اس غیر حقیقی دباو کے باعث ورکرز میں شدید مایوسی پھیلی اور پارٹی خود اپنی کور کمیٹی کے اجلاسوں میں ناکامی کا ملبہ ایک دوسرے پر ڈالنے اور اس ناکامی پر تحقیقاتی کمیٹیاں بنانے پر مجبور ہو گئی۔ باہر سے چلنے والا یہ سوشل میڈیا اکاونٹس خود پاکستان میں موجود تحریک انصاف کی باقی ماندہ سینیئر قیادت کے لیے بھی ایک بڑا دردِ سر بن چکے ہیں کیونکہ وہ اب ان بیرونی اکاونٹس کے سامنے بالکل بے بس دکھائی دیتے ہیں کیونکہ جو بھی مقامی رہنما مفاہمت کی کوشش کرتا ہے، اسے یہی سمندر پار اکاونٹس غدار قرار دے کر اس کا میڈیا ٹرائل شروع کر دیتے ہیں۔ اس تمام صورتحال نے تحریک انصاف کی سیاسی بقا اور ملکی مقتدر حلقوں کے ساتھ مذاکرات کی ہر سنجیدہ کوشش کو بری طرح سبوتاژ کیا ہے، جس کی وجہ سے اب پارٹی کے اندر بھی ہوش مند طبقوں کی جانب سے ان بیرونی ہینڈلرز کے دباو سے نکلنے، ان کو کنٹرول کرنے اور مواد کی سخت جانچ پڑتال کے لیے کمیٹیاں بنانے کے مطالبات زور پکڑ رہے ہیں تاکہ عام ورکرز کو مزید کسی بڑے اور ناقابلِ تلافی نقصان سے بچایا جا سکے۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ ویلا گرز یہ سب کچھ کیوں کر رہے ہیں؟ جواب سیدھا ہے۔ ان کا مقصد پارٹی کی کامیابی نہیں بلکہ اپنے ویوز اور اپنی کمائی ہے۔ جتنی زیادہ اشتعال انگیزی، اتنے زیادہ ویوز، اور جتنے زیادہ ویوز اتنے زیادہ ڈالر۔ یہ ویلا گرز ڈالروں کے لیے یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ کارکن کا جیل جانا ان کے لیے دکھ نہیں بلکہ ایک اور ویڈیو کا مواد ہے۔ پارٹی کے حالات پرسکون ہو جائیں تو ان کا کاروبار بند ہو جاتا ہے، اس لیے وہ مذاکرات کی کامیابی کبھی نہیں چاہیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کی ساکھ اب ختم ہو چکی ہے۔ جس کے دعوے بار بار غلط نکلے ہوں اور جس کے ٹرینڈز زمین پر کچھ نہ بنے ہوں، اس پر اعتبار کون کرے گا؟ اسے سیاسی آواز نہیں، ایک کاروبار سمجھنا چاہیے۔

کاغذ کے نوٹ اور پگھلتا ہوا بچپن، ایک لاکھ کی بے بسی اور نو لاکھ کی حقیقت

احمد خان اچکزئی

محترم قارئین، زندگی کبھی کبھی اعداد و شمار کی ایک ایسی بے رحم کتاب بن جاتی ہے جس کے ہر ورق پر صرف محرومی اور بے بسی کی عبارت لکھی ہوتی ہے۔ یاد کیجئے سال دو ہزار کا وہ زمانہ جب ایک لاکھ روپے کی رقم محض کاغذی ہندسہ نہیں بلکہ ایک بھرپور، مطمئن اور باعزت متوسط طبقے کے گھرانے کی معاشی کائنات ہوا کرتی تھی۔ اس ایک لاکھ روپے میں ایک باپ اپنے بچوں کی امیدوں کو بھی پناہ دیتا تھا، گھر کا چولہا بھی روشن رکھتا تھا، اور مستقبل کے کسی ویران اندیشے سے بے نیاز ہو کر سکون کی نیند سوتا تھا۔ تب یہ گمان بھی محال تھا کہ وقت کی چکی اس قدر بے دردی سے چلے گی کہ ایک دن یہی ایک لاکھ روپے صرف ایک مذاق بن کر رہ جائیں گے۔ آج جب ہم اسی نوکری کو دو ہزار چھبیس کے آئینے میں دیکھتے ہیں تو وہ ایک لاکھ روپے کا سودا سلف آٹھ لاکھ پچانوے ہزار روپے کا ہو چکا ہے۔ سوال یہ نہیں ہے کہ چیزیں مہنگی کیوں ہوئیں، بلکہ تلخ سوال یہ ہے کہ ہمارے خواب اتنے سستے کیوں کر دیے گئے؟ اس زوال کی کہانی کوئی اچانک رونما ہونے والا معجزہ نہیں بلکہ پالیسیوں کے اس تسلسل کا شاخسانہ ہے جسے ہم نے نظامِ معیشت کا نام دے رکھا ہے۔ جب بینکاری کے نظام کو منافع کی ہوس میں اندھا کر کے نوٹ چھاپنے اور قرضوں کے انبار لگانے کی چھوٹ دی جاتی ہے، تو بازار میں گردش کرنے والا کاغذی نوٹ اپنی اصل قدر کھو دیتا ہے۔ پیسہ زیادہ ہو اور اشیا کی مقدار وہی رہے تو قدر زر کا پگھلنا ایک ریاضیاتی حقیقت بن جاتا ہے۔ اس کے اوپر جب پٹرول جیسے بنیادی ایندھن پر ایک سو اسی روپے لیوی کا بوجھ لاد دیا جاتا ہے، تو ٹرانسپورٹ کا ہر پہیہ، فیکٹری کی ہر چمنی اور کھیت سے منڈی تک کا ہر سفر مہنگائی کی اس آگ میں جھلس جاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جب وہ سب خرچے اسی ایک لاکھ والی نوکری میں شامل ہوتے ہیں، تو غریب کی پہنچ سے زندگی کی بنیادی ضرورتیں بھی کوسوں دور چلی جاتی ہیں۔ اس نظام کا سب سے تاریک پہلو وہ لمحہ ہوتا ہے جب صحت جیسی بنیادی فلاحی ضرورت کو منافع بخش کاروبار بنا دیا جاتا ہے۔ ایک مزدور جب دن بھر پسینہ بہا کر دو وقت کی روٹی کماتا ہے، لیکن شام کو اپنی کمائی کا نصف حصہ کسی پرائیویٹ اسپتال کی کاؤنٹر پر دوائی اور چیک اپ کی نذر کر دیتا ہے، تو اس کے پاس گھر کے لیے کیا بچتا ہے؟ علاج کی مہنگائی دراصل غریب کی قوتِ خرید پر وہ آخری کاری ضرب ہے جو اسے معاشرے کے حاشیے پر دھکیل دیتی ہے۔ جب بیمار کا علاج ستانا ہو اور تندرست کی روٹی محفوظ نہ ہو، تو ریاست کے دعوے کاغذ کے ان ٹکڑوں کی طرح ہلکے ہو جاتے ہیں جن کی قیمت روز بروز ہوا میں تحلیل ہو رہی ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کا یہ سی پی آئی ڈیٹا صرف امیدوں کا گراف نہیں بلکہ اس ناانصافی کا سرکاری اعتراف نامہ ہے جو بتاتا ہے کہ اصل بازار کی مہنگائی تو اس اعداد و شمار سے بھی کہیں زیادہ بھیانک ہے۔ آج المیہ یہ ہے کہ دو ہزار والے دور کا وہ باپ جو ایک لاکھ میں اپنا گھر عزت سے چلاتا تھا، آج اس کا بیٹا اسی معیارِ زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے نو لاکھ روپے کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا ہے، مگر اس کی تنخواہ آج بھی وہیں کھڑی ہے جہاں کبھی اس کے بزرگ کی تھی۔ یہ تنخواہوں اور اخراجات کا وہ نہ ختم ہونے والا خلیج ہے جس نے پورے معاشرے کو نفسیاتی اور معاشی دباؤ میں مبتلا کر رکھا ہے۔ نوٹ کی تصویر وہی ہے، اس پر بانیانِ قوم کے چہرے بھی ویسے ہی مسکرا رہے ہیں، لیکن اس کی قوتِ خرید نوگنا کم ہو چکی ہے۔ جب تک معیشت کے اس ڈھانچے میں اصلاحات کر کے دولت کی منصفانہ تقسیم، پیداواری لاگت میں کمی اور عوامی فلاح کو ترجیح نہیں دی جاتی، تب تک یہ کاغذی نوٹ محض کاغذ کا ٹکڑہ بنے رہیں گے اور ہمارا متوسط طبقہ اسی طرح اپنی ہی تاریخ کے بوجھ تلے سسکتا رہے گا۔

بھارت: ناقابلِ اعتماد اتحادی یا مفادات کا کھلاڑی؟

آمنہ عباسی

بھارت خود کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اور ایک ذمہ دار عالمی طاقت قرار دیتا ہے، لیکن اس کے عملی اقدامات اور مختلف ممالک میں سامنے آنے والے تنازعات اس دعوے پر سوالات اٹھاتے ہیں۔ روس سے تیل کی خریداری، اسرائیل کے ساتھ دفاعی تعاون، مغربی ممالک میں بھارتی انٹیلی جنس سرگرمیوں کے الزامات اور کینیڈا کی جانب سے لارنس بشنوئی گینگ کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا جانا ایک ایسے ماحول کی نشاندہی کرتے ہیں جس میں بھارت کی عالمی ساکھ اور اس کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات مسلسل زیرِ بحث ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا نئی دہلی اصولوں پر مبنی شراکت داری چاہتا ہے یا اپنے مفادات کے حصول کے لیے عالمی طاقتوں کے ساتھ تعلقات کو حسبِ ضرورت استعمال کرتا ہے؟ یوکرین جنگ کے بعد روس پر مغربی پابندیوں کے باوجود بھارت نے روسی تیل کی خریداری جاری رکھی۔ نئی دہلی اس پالیسی کا دفاع توانائی کی ضروریات اور قومی مفادات کی بنیاد پر کرتا ہے، لیکن واشنگٹن نے اس تجارت پر سخت تنقید کی۔ اگست 2025 میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تجارتی مشیر پیٹر ناوارو نے روسی تیل کی بھارتی خریداری کو یوکرین جنگ سے جوڑتے ہوئے اسے مودی کی جنگ قرار دیا اور الزام لگایا کہ بھارتی خریداریوں سے روس کی جنگی مشین کو مالی وسائل مل رہے ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے بھی بھارت کو روسی تیل کی خریداری کے معاملے میں ایک خراب کردار قرار دیا۔ یہ بیانات محض لفظی تنقید نہیں تھے، بلکہ واشنگٹن اور نئی دہلی کے درمیان مفادات کے ٹکراو کی علامت تھے۔ امریکہ بھارت کو ایک اہم اسٹریٹجک شراکت دار سمجھتا ہے، لیکن جب روس کے ساتھ بھارتی تجارت امریکی پالیسی سے متصادم ہوئی تو اسی شراکت داری کے اندر اختلافات نمایاں ہو گئے۔ بھارت کو اپنے مفادات کے مطابق تجارت کرنے کا حق حاصل ہے، تاہم روسی تیل سے حاصل ہونے والی آمدنی کے جنگ پر ممکنہ اثرات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہی تضاد بھارتی اسٹریٹجک خودمختاری کے دعوے اور مغربی ممالک کی توقعات کے درمیان فاصلے کو ظاہر کرتا ہے۔ بھارت کی پالیسی پر مزید سنگین سوالات اسرائیل کے ساتھ دفاعی تعاون کے حوالے سے اٹھتے ہیں۔ غزہ میں فلسطینی شہریوں کی ہلاکتوں اور تباہی کے دوران بھارتی کمپنیوں کی جانب سے اسرائیل کو فوجی ساز و سامان فراہم کیے جانے کا معاملہ بین الاقوامی توجہ کا مرکز بنا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کی جولائی 2026 کی رپورٹ کے مطابق تنظیم نے اکتوبر 2023 سے نومبر 2025 کے درمیان بھارت سے اسرائیل بھیجی جانے والی اسلحے، گولہ بارود اور فوجی پرزوں کی کم از کم 2,596 کھیپوں کا تجزیہ کیا۔ رپورٹ میں توپ خانے کے گولوں، دھماکہ خیز گولہ بارود کے اجزا اور فوجی گاڑیوں کے پرزوں کی فراہمی کا ذکر کیا گیا۔ ایمنسٹی نے خبردار کیا کہ فلسطینیوں کے خلاف سنگین بین الاقوامی جرائم میں فوجی ساز و سامان کے ممکنہ استعمال کے خطرے کے باوجود ایسی فراہمی جاری رہنا بھارت اور متعلقہ کمپنیوں کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیوں میں معاونت کے خطرے سے دوچار کر سکتا ہے۔ یہ کہنا درست نہیں ہوگا کہ رپورٹ نے ہر بھارتی ہتھیار کو فلسطینیوں کی کسی مخصوص ہلاکت سے براہِ راست منسلک کیا، لیکن اس کے نتائج بھارتی اسلحہ برآمدات اور ان کی نگرانی کے نظام پر سنجیدہ سوالات ضرور اٹھاتے ہیں۔ اگر بھارت خود کو انسانی حقوق کا حامی قرار دیتا ہے تو اسے واضح کرنا ہوگا کہ فلسطینی شہریوں کے تحفظ کے معاملے میں اس کے اصول عملی طور پر کس حد تک نافذ ہوتے ہیں۔ بھارت کی بین الاقوامی ساکھ کو متاثر کرنے والا ایک اور معاملہ کینیڈا میں لارنس بشنوئی گینگ کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا جانا ہے۔ 29 ستمبر 2025 کو کینیڈین حکومت نے اس گینگ کو اپنے فوجداری قانون کے تحت دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کیا۔ کینیڈا کے محکمہ عوامی تحفظ کے مطابق، یہ گروہ بھتہ خوری، قتل، فائرنگ اور آتش زنی جیسی سرگرمیوں میں ملوث ہے اور کینیڈا میں جنوبی ایشیائی برادریوں، ان کے نمایاں افراد اور کاروباروں کو خوف زدہ کرنے کا سبب بنا ہے۔ یہ فیصلہ بھارت کے لیے اس لیے بھی اہم ہے کہ کینیڈین حکام نے اس گروہ کو بنیادی طور پر بھارت میں سرگرم ایک بین الاقوامی جرائم پیشہ تنظیم قرار دیا ہے۔ تاہم، بشنوئی گینگ کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا۔ اس معاملے کی اصل اہمیت سرحد پار منظم جرائم، تارکینِ وطن کی سلامتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون میں ہے۔ کینیڈین حکام نے واضح کیا ہے کہ اس گروہ کی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کا مقصد متاثرہ برادریوں کو تحفظ فراہم کرنا اور جرائم کی مالی معاونت روکنا ہے۔ اس کے ساتھ کینیڈا اور امریکہ میں سکھ علیحدگی پسند رہنماؤں کو نشانہ بنانے کی مبینہ سازشوں سے متعلق معاملات نے بھارتی انٹیلی جنس سرگرمیوں پر مزید سوالات اٹھائے ہیں۔ کینیڈا نے ہردیپ سنگھ نجار کے قتل کے معاملے میں بھارتی ایجنٹوں کے ممکنہ کردار سے متعلق الزامات عائد کیے، جبکہ امریکہ میں گرپتونت سنگھ پنوں کے قتل کی مبینہ سازش کے سلسلے میں فوجداری کارروائی کی گئی۔ بھارت نے ان الزامات کو مسترد کیا ہے۔ ان معاملات میں الزامات، عدالتی نتائج اور ریاستی ذمہ داری کے درمیان فرق برقرار رکھنا ضروری ہے، لیکن ان کی سنگینی سے انکار بھی ممکن نہیں۔ اگر کسی ملک کے اہلکار دوسرے ملک کی سرزمین پر غیر قانونی کارروائیوں میں ملوث پائے جائیں تو یہ اس ملک کی خودمختاری اور قانون کی حکمرانی کے لیے براہِ راست چیلنج ہے۔ روسی کی مبینہ معاونت، اسرائیل کو اسلحے کی فراہمی، کینیڈا میں دہشت گرد قرار دیے گئے بشنوئی گینگ اور بیرونِ ملک جاسوسی کے الزامات بھارتی خارجہ پالیسی کے تضادات عالمی سطح پر سنگین سوالات اٹھا رہے ہیں۔ بھارت کی خارجہ پالیسی کا بنیادی تضاد یہی ہے کہ وہ ایک طرف امریکہ اور مغربی ممالک کے ساتھ دفاعی تعلقات بڑھاتا ہے، دوسری طرف روس کے ساتھ معاشی تعاون جاری رکھتا ہے اور اسرائیل کے ساتھ دفاعی روابط کو مضبوط بناتا ہے۔ نئی دہلی اسے اسٹریٹجک خودمختاری قرار دیتا ہے، لیکن جب اس کے فیصلے شراکت داروں کے مفادات سے متصادم ہوتے ہیں تو اعتماد کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ روسی تیل کی تجارت، اسرائیل کو اسلحے کی فراہمی اور بیرونِ ملک مبینہ انٹیلی جنس سرگرمیوں سے متعلق تنازعات کو ایک ہی نوعیت کے واقعات قرار نہیں دیا جا سکتا، تاہم یہ سب بھارت کے عالمی کردار اور اس کی ذمہ داریوں پر بحث کو اہم بناتے ہیں۔ بھارت کو کشمیر، مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور آزادیِ اظہار کے حوالے سے بھی بین الاقوامی تنقید کا سامنا رہا ہے۔ بھارتی حکومت متعدد الزامات سے اختلاف کرتی ہے، لیکن کسی بھی جمہوری ریاست کی ساکھ صرف انتخابی عمل یا معاشی ترقی سے نہیں بنتی؛ اس کا انحصار شہری آزادیوں، اقلیتوں کے حقوق، قانون کی حکمرانی اور حکومتی جواب دہی پر بھی ہوتا ہے۔ بھارت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ عالمی طاقت کی حیثیت صرف حاصل کرنا چاہتا ہے یا اس کے ساتھ وابستہ ذمہ داریاں بھی قبول کرنے کے لیے تیار ہے۔ عسکری قوت، معاشی ترقی اور وسیع سفارتی روابط کسی ملک کو خود بخود قابلِ اعتماد نہیں بناتے۔ اعتماد شفافیت، قانونی جواب دہی، مستقل مزاجی اور دوسرے ممالک کی خودمختاری کے احترام سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر نئی دہلی واقعی ایک ذمہ دار عالمی طاقت بننا چاہتا ہے تو اسے اپنے دفاعی مفادات کے ساتھ انسانی حقوق اور بین الاقوامی قانون کی ذمہ داریوں کو بھی سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ کیونکہ عالمی سیاست میں مفادات تعلقات قائم کر سکتے ہیں، لیکن ان تعلقات کو دیرپا بنانے کے لیے اعتماد ناگزیر ہے۔

کیا یہی ہوتی ہے جمہوریت؟

نسیم شاہد

کون کہتا ہے مسئلے حل نہیں ہو رہے۔ ہمارے پیارے ارکان اسمبلی، ارکان سینٹ دن رات مسئلے حل کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ اب کچھ حاسدین کہیں گے وہ تو سب اپنے کام کرا رہے ہیں، عوام کی تو انہیں دور دور تک فکر نہیں، ایسے لوگوں کو کون سمجھائے کہ ارکان اسمبلی کیا پاکستانی نہیں، کیا ان کا اس ملک پر کوئی حق نہیں، کیا انہوں نے اپنی زندگی عوام کے لئے وقف نہیں کر رکھی، ان کی آل اولاد کے بھی عوام پر سینکڑوں احسانات ہیں، اس لئے اگر وہ اپنے کام کرا رہے ہیں، مسائل حل کرانے میں دن رات مگن ہیں تو انہیں خوشدلی سے اجازت دینی چاہی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
ABC CERTIFIED
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

کھیل اور کھلاڑی



لورالائی، کمشنر ولی محمد بڑیچ اسپورٹس ویک میں حصہ لینے والے طلباء کو میڈل پہنا رہے ہیں

یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب نے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو سلور ٹورنامنٹ جیت لیا

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب نے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو سلور ٹورنامنٹ جیت لیا ،یوسی پی نے چار روزہ فائنل میں ساساپیکنگ کو 69 رنز سے شکست دی، یوسی پی اور ساساپیکنگ کی ٹیموں نے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ ٹورنامنٹ کے بھی کوالیفائی کرلیا، یوسی پی کو ٹورنامنٹ جیتنے پر 25 لاکھ روپے انعامی رقم سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو سلور میں چھ ڈیپارٹمنٹل ٹیموں نے کل 18 نان فرسٹ کلاس ریڈ بال میچز کھیلے، فائنل کے علاوہ تمام میچز تین روزہ تھے، یوسی پی کے حارث خان نے ٹورنامنٹ میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا، حارث خان نے لیفٹ آرم رسٹ سپن کی مدد سے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ 56 وکٹیں حاصل کیں، بیٹنگ میں حارث خان 481 رنز کے ساتھ ٹورنامنٹ کے تیسرے بہترین بلے باز رہے ،ساساپیکنگ کے محمد سلیم نے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ 621 رنز بنائے، پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ کی آخری دو ٹیمیں اگلے سال سلور میں ریلیگیٹ ہونگی جبکہ ساساپیکنگ اور یوسی پی ان کی جگہ لیں گی۔

ہفتہ وار اسپورٹس ویک کی پروقار اور رنگارنگ اختتامی تقریب

تقریب کے دوران فٹبال اور کرکٹ کے سنسنی خیز فائنل مقابلے منعقد ہوئے

لورالائی (عمرزئی ناصر) ڈی پی ایس سکول لورالائی میں منعقدہ ہفتہ وار اسپورٹس ویک کی پروقار اور رنگا رنگ اختتامی تقریب منعقد ہوئی، جس میں طلباء نے مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔ تقریب میں فرزند ایم پی اے حاجی محمد خان عرف طور اتمانخیل افضل خان اتمانخیل اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد خان بڑیچ نے بطور معزز مہمان شرکت کی تقریب کے دوران فٹبال اور کرکٹ کے سنسنی خیز فائنل مقابلے منعقد ہوئے، جن میں طلباء نے بھرپور جوش، جذبے، نظم وضبط اور کھیل کے اعلیٰ اصولوں کا مظاہرہ کیا۔ مقابلوں کے دوران شائقین اور طلباء نے اپنی اپنی ٹیموں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی، جس سے سکول کا ماحول کھیلوں کے جذبے سے سرشار رہا اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے افضل خان اتمانخیل نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں طلباء کی متوازن شخصیت کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور ذہنی نشوونما کو بہتر بناتے ہیں بلکہ طلباء میں نظم وضبط، خود اعتمادی، قیادت، ٹیم ورک، برداشت، باہمی احترام اور مقابلے کی مثبت سوچ بھی پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کے میدان نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مثبت سمت دینے اور انہیں صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں انہوں نے کہا کہ رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان عرف طور اتمانخیل نے لورالائی میں کھیلوں کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں اور فٹبال سمیت مختلف کھیلوں کے گراؤنڈز کی تعمیر اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی کھیل دوستی اور نوجوانوں کے لیے خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مرحوم کے کھیلوں کے فروغ کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے نوجوانوں اور طلباء کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر افضل خان اتمانخیل نے کھلاڑیوں، نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء اور اسپورٹس سے وابستہ افراد میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے۔



لورالائی، کمشنر ولی محمد بڑیچ اسپورٹس ویک کے اختتام پر کھلاڑیوں سے بات چیت کررہے ہیں

شہرت ملنے کے بعد کچھ کھلاڑی سیکھنا بھول جاتے ہیں، چیئرمین پی سی بی

بچیاں بھی کھیلوں میں بچوں کے شانہ بشانہ ہوں، اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں کھیلوں کا بہت ٹیلنٹ ہے، پلیئرز ڈویلپمنٹ کے لیے لاہور قلندرز سب سے بڑھ کر کام کرنے والی اور لیڈنگ فرنچائز ہے

راولپنڈی (بلوچستان نیوز) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا ہیکہ کچھ کھلاڑیوں کو شہرت ملتی ہے تو وہ سیکھنا بھول جاتے ہیں، کرکٹ ایسا کھیل ہے جس میں محنت جاری رکھنی ہوتی ہے۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ بہت سارے کرکٹرز دیکھے ہیں جو برا وقت آنے پر محنت چھوڑ جاتے ہیں، چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ ہے، انہیں پالش کرکے تیار کرنا مشکل کام ہے، یہ کام پی سی بی اکیلے نہیں کرسکتا۔ فرنچائز، ایسوسی ایشنز سمیت سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ہم نے اپنے آپ کو ٹھیک کیا ہے، آئندہ رزلٹ اچھے ملیں گے، آج ڈومیسٹک کرکٹ میں سفارش بالکل نہیں چل رہی، چاہتے ہیں بچیاں بھی کھیلوں میں بچوں کے شانہ بشانہ ہوں۔ اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں کھیلوں کا بہت ٹیلنٹ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پلیئرز ڈویلپمنٹ کے لیے لاہور قلندرز سب سے بڑھ کر کام کرنے والی اور لیڈنگ فرنچائز ہے

چیئرمین پی سی بی کا سکول کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام اہم اقدام ہے، مائیک ہیسن

لاہور (این این آئی) پاکستان مینز ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان لیگ سپنرز اور فاسٹ بولرز میں بہترین ٹیلنٹ موجود ہے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا سکول کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام ایک اہم اقدام ہے، جس کے ذریعے پی سی بی نے باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کی تلاش میں بہترین کام کیا ہے۔ اپنے بیان میں مائیک ہیسن نے کہا کہ قومی ٹیم کے کپتان رہنے والے بابر اعظم اور فخر زمان نے نوجوان کھلاڑیوں کو انٹرنیشنل کرکٹ کے تقاضوں سے آگاہ کیا اور ٹریننگ کے حوالے سے اہم رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹر بننے کے لیے صلاحیت کے ساتھ محنت اور لگن بھی ضروری ہے۔ قومی ٹیم کے ٹریننگ سیشن میں شرکت کرنے والے فاسٹ بولر عبدالرحمان نے کہا کہ قومی ٹیم کے ساتھ قذافی سٹیڈیم میں پریکٹس کرنا خواب پورا ہونے جیسا ہے۔

نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ، واپڈا کی نازیہ اور ایچ ای سی کی کنزا نے گولڈ میڈل جیت لیا

کراچی (این این آئی) 54 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں خواتین کی 800 میٹرز میں واپڈا کی نازیہ نے گولڈ میڈل جیت لیا۔ نازیہ نے مقررہ فاصلہ 2 منٹ 10.25 سیکنڈ میں طے کیا۔ خواتین کی 800 میٹرز میں ایچ ای سی کی ندا کریم نے سلور اور واپڈا کی ردا نے برانز میڈل حاصل کیا۔ دوسری جانب خواتین کی 400 میٹرز ہرڈلز میں ایچ ای سی کی کنزا فاطمہ نے گولڈ میڈل جیت لیا۔ 400 میٹرز ہرڈلز میں واپڈا کی مسرت شاہین نے سلور اور واپڈا ہی کی جویریہ خان نے برانز میڈل حاصل کیا۔

کرسٹیانو رونالڈو فٹبال کی تاریخ کے پہلے ملٹی بلینیئر کھلاڑی بن گئے

لزبن (این این آئی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے دولت کے میدان میں بھی نئی تاریخ رقم کردی۔ امریکی جریدے فوربز کے مطابق رونالڈو فٹبال کی تاریخ کے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں جن کے اثاثوں اور آمدنی نے ملٹی بلینیئر کی سطح عبور کرلی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 41 سالہ رونالڈو نے گزشتہ ایک سال کے دوران تقریباً 22 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ کمائے۔ سعودی کلب النصر کی جانب سے انہیں روزانہ تقریباً 4 لاکھ 88 ہزار پاؤنڈ معاوضہ ملتا ہے جبکہ اشتہارات اور کاروباری سرگرمیوں سے انہوں نے مزید 4 کروڑ 20 لاکھ پاؤنڈ حاصل کیے۔ فوربز کی امیر ترین فٹبالرز کی فہرست میں ارجنٹائن کے لیونل میسی دوسرے نمبر پر ہیں جن کی سالانہ آمدنی تقریباً 10 کروڑ 90 لاکھ پاؤنڈ رہی۔ فرانسیسی اسٹار کائیلیان ایمباپے 7 کروڑ 50 لاکھ پاؤنڈ کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں۔ مانچسٹر سٹی کے ایرلنگ ہالینڈ اور ریال میڈرڈ کے وینیسیس جونیئر بالترتیب چوتھے اور پانچویں نمبر پر رہے۔ نوجوان ہسپانوی اسٹار لامین یامال نے چھٹی پوزیشن حاصل کی۔

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، کپتان ٹرافی کے ہمراہ

لاہور، پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے فائنل کے شیڈول میں ردوبدل

لاہور (این این آئی) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے فائنل کے شیڈول میں ردوبدل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ نے شیڈول میں ردوبدل کا باضابطہ اعلان نہیں کیا، پریذیڈنٹ ٹرافی کا فائنل شیڈول سے دو روز بعد شروع ہونے کا امکان ہے۔ فائنل 25 سے 29 اکتوبر تک اسٹیٹ بینک اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں شیڈول تھا، پہلے فائنل کو کراچی سے لاہور منتقل کیا گیا، ایل سی سی اے گراؤنڈ میں کرانے کا فیصلہ ہوا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایل سی سی اے گراؤنڈ کی بجائے اب فائنل لاہور جمخانہ گراؤنڈ باغ جناح میں کرانے کا امکان ہے۔ شیڈول میں تبدیل کے بعد اب فائنل 27 سے 31 اکتوبر کھیلا جائے گا۔

پی سی بی کا سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے سکواڈ کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے سری لنکا کے خلاف دو میچز کی ٹیسٹ سیریز کے لیے سکواڈ کا اعلان کردیا، 14 رکنی سکواڈ کی قیادت بابر اعظم کریں گے۔ ہفتہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق پی سی بی نے سری لنکا کے خلاف تین روزہ وارم اپ میچ کے لیے بھی 13 رکنی پیٹرنز سکواڈ کا اعلان کردیا، وارم اپ میچ کے اختتام پر پیٹرنز سکواڈ سے مزید دو فاسٹ باؤلرز کو ٹیسٹ سکواڈ میں شامل کیا جائے گا، پاکستان ٹیسٹ سکواڈ میں سمیر منہاس، محمد طحہ اور محمد سلیمان کو پہلی دفعہ منتخب کیا گیا ہے، ٹیسٹ سکواڈ میں عبداللہ فضل، عرفات منہاس، اذان اویس، محمد عباس، رضا اللہ اور سعود شکیل شامل ہیں، اعلامیہ کے مطابق ٹیسٹ سکواڈ میں وکٹ کیپر غازی غوری اور سعد بیگ بھی شامل ہیں، ٹیسٹ سکواڈ میں سلمان علی آغا اور لیفٹ آرم سپنر علی عثمان کو بھی شامل کیا گیا ہے، پیٹرنز الیون اور سری لنکا کے درمیان وارم اپ میچ 4 سے 6 نومبر کو اسلام آباد کلب میں کھیلا جائے گا، سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 9 سے 13 نومبر کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ہوگا، سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 17 سے 21 نومبر قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، وارم اپ میچ کیلئے پیٹرنز سکواڈ کی کپتانی سعد بیگ کریں گے، پیٹرنز سکواڈ میں عبداللہ فضل، علی عثمان، اذان اویس، محمد سلیمان، محمد طحہ، اور سمیر منہاس شامل ہیں، پیٹرنز سکواڈ میں فاسٹ باؤلرز محمد سلمان، شعیب اختر جونیئر، علی شبیر، ثاقب خان اور عبید شاہ شامل ہیں، بلے باز محمد طیب عارف بھی پیٹرنز سکواڈ کا حصہ ہوں گے۔

ٹرائی سیریز میں ہماری پرفارمنس اچھی ہے، شاہین آفریدی

سیٹ سے سروکار نہیں، فخر کا ٹیم میں ہونا بہت ضروری ہے، کپتان قومی کرکٹ ٹیم

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین آفریدی نے کہا ہے کہ ٹرائی سیریز میں پاکستان کی پرفارمنس اچھی ہے، دونوں میچز میں ہدف کا دفاع کیا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے کہا کہ سری لنکا کو کریڈٹ جاتا ہے، انگلینڈ سری لنکا کا میچ اچھا رہا۔ انھوں نے کہا کہ یہاں بھی ویسی ہی پچز کا کہا ہے، پاکستان ٹیم یہاں بھی اچھا کھیلے گی، صائم ایوب کا فائدہ یہ ہوا کہ انہوں نے بولنگ اچھی کی۔ شاہین آفریدی نے کہا کہ ہمیں سیٹ سے سروکار نہیں، اپنی کرکٹ اچھی کھیلنی ہے، فخر کا ٹیم میں ہونا بہت ضروری ہے، وہ ون ڈے کا مین پلیئر ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم تبدیلیوں کی طرف زیادہ نہیں جاتے، کمبی نیشن بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ شاہین آفریدی نے کہا کہ مجبوری میں کوئی تبدیلی کرنا پڑے تو الگ ہے، ابرار احمد ہماری اسپن بولنگ کا مین بولر ہے، ضرورت پڑی تو کھلائیں گے۔

ڈی جی پی ایس بی سے رضوان آفتاب کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاور حسین نے کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ اور پاکستان کے ممتاز کھلاڑیوں کی بھرپور سرپرستی کرنے پر اکیڈیمٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور نیشنل ہسپتال کے ڈائریکٹر آرڈی رضوان آفتاب احمد کو بلیزر آف ایکسی لینس سے نواز دیا۔ ڈی جی پی ایس بی یاور حسین سے رضوان آفتاب نے ملاقات کے دوران کھیلوں کے مقابلوں اور کھلاڑیوں کی تربیت وترقی کے لیے نجی شعبے کی شمولیت کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ یاور حسین نے کہا کہ باصلاحیت کھلاڑیوں کو سپورٹ کرنے کیلئے رضوان آفتاب احمد کا تعاون اہم کردار ادا کررہا ہے۔ ڈی جی پی ایس بی نے کھلاڑیوں کی اسپانسرشپ، طبی وغذائی معاونت اور کھیلوں کی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کیلئے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ رضوان آفتاب نے پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام ایک بین الاقوامی باڈی بلڈنگ مقابلے کی اسپانسرشپ میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا جسے اکیوٹ فٹنس چیلنج کے نام سے منعقد کیا جائے گا جس کا مقصد اسٹریٹھ ٹریننگ اور فٹنس کو فروغ دینا ہے۔

دوسرا ٹی ٹوئنٹی، بھارت نے نیوزی لینڈ کو 2 وکٹ سے شکست دے دی

تلک ورما نے 26 گیندوں پر ناقابل شکست 51 رنز بنائے اور بھارت کو ایک گیند قبل فتح دلا دی

کرائسٹ چرچ (این این آئی) بھارت نے نیوزی لینڈ کے خلاف سنسنی خیز مقابلے کے بعد 181 رنز کا ہدف آخری اوور کی پانچویں گیند پر حاصل کرکے میچ جیت لیا، میزبان ٹیم نے 70 رنز پر پانچ وکٹیں گنوانے کے باوجود شاندار کم بیک کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کی سیریز برابر کرنے کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ تفصیلات کیمطابق پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کی جانب سے گلین فلپس نے 43 گیندوں پر 70 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی اور ٹیم کو قابل مقابلہ مجموعے تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ بعد ازاں کپتان مچل سینٹنر نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے چار بھارتی کھلاڑیوں کو پویلین بھیجا تاہم نیوزی لینڈ کی ناقص فیلڈنگ نے بھارت کو واپسی کا موقع فراہم کیا جہاں بھارتی بلے بازوں کو اہم مواقع پر زندگی ملی۔ ثمن دھیر اور وینکٹیش کمار ریڈی نے تیز رفتار بیٹنگ کرتے ہوئے مجموعی طور پر 57 رنز بنائے اور میچ کا رخ بدل دیا۔ اس کے بعد تلک ورما نے ذمہ داری سنبھالتے ہوئے صرف 26 گیندوں پر ناقابل شکست 51 رنز بنائے۔ تلک اور ریڈی نے دباؤ میں بہترین کھیل پیش کیا اور بھارت کو ایک گیند قبل فتح دلا دی، تلک ورما مین آف دی میچ قرار پائے۔ نیوزی لینڈ کی آخری اوورز میں ناقص بولنگ اور فیلڈنگ شکست کی بڑی وجوہات بنیں۔ یاد رہے کہ بھارت کو پانچ میچز کی سیریز میں 2-0 کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔

بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پانچ روزہ بنیادی ہاکی تربیتی کیمپ اختتام پذیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے گراس روٹ ہاکی کی ترقی وترویج کے پروگرام کے تحت بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پانچ روزہ بنیادی ہاکی تربیتی کیمپ اختتام پذیر ہوگیا۔ پی ایچ ایف کی زیر سرپرستی ملک بھر میں گراس روٹ سے ہاکی کی ترقی وترویج کے پروگرام کے تحت بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کوئٹہ کے تعاون سے اسکول کے طلبہ کے لیے منعقدہ پانچ روزہ بنیادی ہاکی تربیتی کیمپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ کیمپ میں کوئٹہ کے 22 اسکولوں کے 200 سے زائد طلبہ نے شرکت کی، جہاں انہیں ہاکی کے بنیادی اصولوں، کھیل کی مہارتوں، جسمانی فٹنس اور ٹیمی تربیت فراہم کی گئی۔ یہ تربیتی کیمپ کوئٹہ میں دو مقامات، شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی گراؤنڈ، ایوب اسٹیڈیم اور اولمپین صفدر علی بابل ہاکی گراؤنڈ، گلستان ٹاؤن میں منعقد کیا گیا۔ اس اقدام کا مقصد اسکولوں کی سطح پر ہاکی کو فروغ دینا، نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور قومی کھیل کے لیے نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے۔ بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے مطابق تربیتی کیمپ کے اختتام کے بعد اگلے مرحلے میں ایک شاندار انٹر اسکول ہاکی ٹورنامنٹ منعقد کیا جائے گا، جس میں کیمپ کے دوران تربیت حاصل کرنے والے اسکولوں کی ٹیمیں اور کھلاڑی حصہ لیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ، مہمان خصوصی کو شیلڈ پیش کیا جارہا ہے

افغانستان نے زمبابوے کو شکست دے کر سہ ملکی ون ڈے سیریز کا ٹائٹل جیت لیا

شارجہ (این این آئی) افغانستان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے فائنل میں زمبابوے کو سات وکٹوں سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کرلی، افغان ٹیم نے شاندار بولنگ، بہترین فیلڈنگ اور ذمہ دارانہ بیٹنگ کی بدولت یکطرفہ کامیابی حاصل کی۔ شارجہ میں کھیلے گئے زمبابوے نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 43.3 اوورز میں 169 رنز بنائے۔ کپتان سکندر رضا نے 68 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیلی تاہم دیگر بلے باز خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے۔ افغانستان کی جانب سے راشد خان نے 41 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں جبکہ فضل الحق فاروقی، محمد نبی اور بلال سمیع نے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ہدف کے تعاقب میں افغانستان نے 34.3 اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر کامیابی حاصل کرلی۔ ابراہیم زادران نے ناقابل شکست 70 رنز بنائے جبکہ کپتان رحمت شاہ نے 43 رنز کی اننگز کھیلی۔

اطلاع عام ہابت داخلہ درجہ ہفتم میٹرک انٹر (20th Entry) برائے تعلیمی سال 2027ء

کیڈٹ کالج پشین میں درجہ ہفتم تعلیمی سال 2027ء کیلئے داخلے کا آغاز ہو چکا ہے داخلہ کا طریقہ کار درج ذیل ہے۔ **اہلیت :۔** 28-02-2027 تک عمر کی حد گیارہ 11 سال اور زیادہ سے زیادہ سے تیرہ (13) سال ہے۔ عمر میں رد وبدل کی صورت میں فارم منسوخ کردیا جائیگا انتخاب کے بعد ٹسٹ کی بناء پر امیدوار کی فٹنس نیز عمر کی پراسیکیوشن میں درج ہسپتال کے کوالیفائیڈ ڈاکٹر سے کروائی جائیگی۔ **نشستوں کی تعداد :۔** ٹوٹل داخلہ نشستوں کی تعداد 100 ہے۔ **انتخاب :۔** امیدوار کا انتخاب تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو پر کیا جائیگا ٹیسٹ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے درجہ ششم کے موجودہ نصاب سے نیچے دیئے ہوئے مضامین سے لیا جائیگا۔

پیپر کا طریقہ کار	انگریزی	ریاضی	اردو	جنرل سائنس	تناسب
Objective	10	10	10	10	40%
Subjective	15	15	15	15	60%

پراسپیکٹس:۔ پراسپیکٹس کی قیمت بشمول رجسٹریشن اور امتحانی فیس بتاریخ 25 نومبر 2026ء تک 2500 روپے ہوگی اور بتاریخ 10 دسمبر 2026ء بعد لیٹ فیس کے ساتھ 3000 روپے ہوگی۔ پراسپیکٹس کالج ہذا سے دفتری اوقات (9 بجے تا 2 بجے تک) لئے جاسکتے ہیں۔ نیز پراسپیکٹس اور داخلہ فارم درج ذیل مقامات سے بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

سلام اسٹیشنری شارع اقبال قندھاری بازار کوئٹہ، بینک اسلامی مین بازار پشین، بینک اسلامی جناح روڈ کوئٹہ، فارم کالج کی ویب سائٹ (www.ccpn.edu.pk) سے بھی ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ ڈاؤن لوڈ شدہ فارم کے ساتھ مقررہ تاریخ میں -/2500 روپے کسی بھی بینک اسلامی کے اکاونٹ نمبر 0201-0015717-1014 میں جمع کر کے اصل رسید بینک/ڈیپازیٹ سلپ/ڈرافٹ بنام پرنسپل کیڈٹ کالج پشین منسلک کرنا لازمی ہے۔

ھدایات داخلہ فارم بھجوانے کا طریقہ:۔ داخلہ فارم میں دی گئی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر طرح سے مکمل کاغذات بتاریخ 10 دسمبر 2026ء تک ہر صورت دفتر کالج ہذا میں پہنچ جانا انتہائی ضروری ہے۔ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے فارم قابل قبول نہ ہونگے۔ داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات کا منسلک ہونا انتہائی ضروری ہے:۔

پاسپورٹ سائز کی 06 عدد حالیہ تصاویر۔ چھٹی جماعت پاس ہونے کا سرٹیفکیٹ (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے تصدیق شدہ) یا فارم پر یہ تصدیق کہ امیدوار چھٹی جماعت میں زیر تعلیم ہے اور سالانہ امتحان پاس ہونے کی امید ہے۔ والد کے لوکل یا ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، قومی شناختی کارڈ کی ایک تصدیق شدہ نقول۔ ب فارم جس میں امیدوار کا نام درج ہو (برتھ سرٹیفکیٹ قابل قبول نہیں ہوگا)۔ داخلہ فارم پر والد/سرپرست کے ذاتی ٹیلیفون نمبر اور پوسٹل ایپ نمبر کا اندراج کرنا لازمی ہے۔ کسی ایجوکیشن اکیڈمی کا نمبر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔ بعد میں والدین سے رابطے میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ فارم پر دیئے گئے فون نمبر پر ٹیسٹ منعقد کرنے والا ادارہ آپ کو بروقت ٹیسٹ کی تاریخ، امتحانی ہال اور رول نمبر سلپ مہیا کر سکے۔ مزید معلومات کے لئے ادارہ ہذا سے دفتری اوقات (صبح 9 بجے تا 2 بجے دن) میں دیئے گئے نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ (آفس اسسٹنٹ 03342383668، آفس نمبر: 0826421251)۔

ایڈمن آفیسر برائے کمانڈنٹ
کیڈٹ کالج پشین

AB No 462/24-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شوبز کی دنیا

کم کاردیشین اداکاری پر شدید تنقید سے پریشان، نئی فلم چھوڑنے کا سوچنے لگیں

لاس اینجلس (آئی این پی) امریکی ریئلٹی ٹی وی اسٹار کم کاردیشین نے انکشاف کیا ہے کہ اداکاری پر ہونے والی شدید تنقید نے ان کے اعتماد کو متاثر کیا یہاں تک کہ انہوں نے اپنی نئی فلم سے الگ ہونے کی پیشکش بھی کردی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کم کاردیشین نے ریئلٹی شو دی کاردیشینز کی قسط میں اپنے ان خدشات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈرامہ سیریز آل ازفیئر میں طلاق کے مقدمات کی وکیل آلورا گرانٹ کا کردار ادا کرنے پر ملنے والے منفی ردعمل نے انہیں غیر محفوظ محسوس کرنے پر مجبور کردیا۔ کم نے بتایا کہ وہ سوچنے لگی تھیں کہ کہیں نئی فلم دی فضفہ ویبل کی ٹیم انہیں کاسٹ کرنے کے فیصلے پر پچھتا تو نہیں رہی۔ انہیں یہ خدشہ بھی تھا کہ ان کا نام فلم کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اداکارہ نے فلم سے دستبردار ہونے کی پیشکش کی تاہم بعد ازاں انہوں نے اس منصوبے پر کام جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ خیال رہے کہ فلم کی ہدایت کاری ایوا لونگوریا کررہی ہیں۔

عرفی جاوید شہریار منور کے بہترین رویے کی معترف

ممبئی (آئی این پی) معروف اداکار شہریار منور کا چرچہ پڑوسی ملک تک جا پہنچا۔ بھارتی ماڈل اور سوشل میڈیا انفلوئنسر عرفی جاوید نے شہریار منور کی تعریف کرتے ہوئے دبئی میں ہونے والی اپنی ایک ملاقات کی تفصیلات شیئر کی ہیں، جس نے ان پر گہرا اور دیرپا تاثر چھوڑا۔ سوشل میڈیا انفلوئنسر نے فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے تبصرے میں شہریار منور سے اپنی پہلی ملاقات کے حوالے سے دلچسپ بات بتائی ہے۔ ماڈل کے مطابق یہ ملاقات کافی عرصہ قبل دبئی میں ہوئی تھی، اس وقت میں زیادہ مقبول نہیں تھی، ہم فلم فیئر مڈل ایسٹ کی تقریب میں شرکت کے لیے دبئی میں موجود تھے اور ایک ہی ہوٹل میں قیام پذیر تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے شہریار منور سے تصویر بنوانے کی درخواست کی، تاہم اداکار نے محض تصویر بنوانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ مجھ سے گفتگو بھی کی۔ عرفی جاوید نے بتایا کہ پاکستانی اداکار نے تقریباً 10 سے 15 منٹ تک مجھ سے بات کی، وہ انتہائی خوش مزاج و خوش اخلاق ہیں۔ بھارتی ماڈل کے مطابق شہریار منور کا یہ رویہ آج بھی مجھے یاد ہے، ایک چھوٹا سا حسنِ سلوک بھی لوگوں کے ذہنوں پر دیرپا تاثر چھوڑ جاتا ہے۔

ٹک ٹاکر ندیم نانی والا کی بہن کو پروٹوکول دینا پولیس کو مہنگا پڑ گیا

لاہور (آئی این پی) پولیس کو مشہور ٹک ٹاکر ندیم نانی والا کی بہن ٹک ٹاکر سامیہ مبارک کو پروٹوکول دینا اور گرفتاری کے بعد چھوڑنا مہنگا پڑ گیا۔ ذرائع کے مطابق ٹک ٹاکر سامیہ مبارک کو مبینہ طور پر پروٹوکول دینے اور پیسے لے کر چھوڑنے کے معاملے پر ڈیفنس بی پولیس کے ایس ایچ او سمیت 3 اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ایس ایچ او ڈیفنس بی، محرر اور لیڈی کانسٹیبل کو عہدوں سے ہٹا دیا گیا۔

ایتابھ نے مداحوں کو صحت سے متعلق تازہ صورتحال بتادی

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ سپر اسٹار ایتابھ بچن نے سوشل میڈیا سے وقفے کا اعلان کرنے کے ایک روز بعد صحت سے متعلق تازہ صورتحال بتا دی اور کہا کہ انھیں مزید آرام کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹروں نے انہیں سختی سے آرام کرنے کا مشورہ دیا تھا، جس پر مداح ان کی صحت کے لیے فکرمند تھے اور سوشل میڈیا پر نیک تمناں کے پیغامات شیئر کیے تھے۔ واضح رہے کہ بدھ کو 84 سالہ لیجنڈری اداکار نے اپنے بلاگ پر صحت سے متعلق ایک پوسٹ شیئر کرکے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کردیا تھا۔ تاہم جمعہ کو انھوں نے اپنے ٹمبلر اکاونٹ پر صحت سے متعلق ایک اور تازہ اطلاع شیئر کی اور لکھا ابھی مزید آرام کی ضرورت ہے، خود کو حالات کے مطابق ڈھال رہا ہوں، سوچ رہا ہوں اور حیران ہوں کہ انسانی جسم کتنا منفرد ہے۔

اداکارہ انجلی اروڑا کو شوآرگنائزرز نے سوا کروڑ ہرجانے کا نوٹس دے دیا

انجلی نے 45 منٹ کی پرفارمنس کے معاہدے کے باوجود صرف 12 منٹ پرفارم کیا، الزام

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور اداکارہ انجلی اروڑا کو شو کے آرگنائزرز نے ایک ک

ایک اور معاہدہ بدر

خصوصی رپورٹ

پاکستانی،سعودی عرب اور ترکیہ کے مکہ معاہدہ میں بندھنے کے بعد پاکستان، ترکیہ،قطر اور انڈونیشیا بھی ایک دفاعی معاہدہ بدر میں جڑ گئے ہیں۔انڈونیشیا 29 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا چوتھا بڑا آبادی والا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پاکستان26 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا ملک ہے۔پاکستان عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت ہے ترکیہ عالم اسلام کی جدید ترین فوجی قوت ہے،ناٹو کی واحد مسلم ریاست ہے۔ سعودی عرب اسلام آباد کا روحانی مرکز اور امیر ترین مسلم ریاست ہے اس کی آبادی37 ملین نفوس پر مشتمل ہے،لیکن عالم اسلام میں اپنی وقعت اور احترام کے اعتبار سے اہم ترین مملکت ہے۔قطر کی آبادی 32 ملین ہے لیکن گیس وتیل کی بے پناہ دولت کے لحاظ سے انتہائی اہم ریاست ہے۔ ترکیہ کی 8 8 ملین آبادی کو شامل کیا جائے تو ان پانچ ممالک کی مجموعی آبادی 71 کروڑ بنتی ہے اتنی بڑی آبادی پر مشتمل پانچ ممالک کا مکہ ڈیکلریشن اور معاہدہ بدر میں جڑ جانا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ دورِ حاضر کا اہم واقع بلکہ دورِ حاضر کے اہم واقعات میں سے ہے۔مکہ ڈیکلریشن کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا اور سنا جا چکا ہے ہمیں اس کی تفصیلات تو نہیں بتائی گئیں،مگر کم ہے لیکن ذرا ٹھہریئے۔ ایسے معاہدوں کی تاریخ پر بھی نظر ڈالتے ہیں پھر دیکھتے ہیں کیا نتیجہ نکلتا ہے۔آرگنائزیشن آف اسلامک کو آپریشن)او آئی سی 57 (ممالک پر ایک تنظیم ہے جو مسجد اقصی پر ایک یہودی حملے کے بعد25 ستمبر1969 کو مراکش کے دارالحکومت رباط میں قائم کی گئی تاکہ مسلم دنیا کی متحدہ آواز کی نمائندگی ہو سکے۔ 57 ممبر مسلم ممالک کے علاوہ اس میں پانچ ممالک آبزرور کی حیثیت سے شامل ہیں اس طرح اقوام متحدہ کے بعد یہ دنیا کی دوسری بڑی تنظیم ہے یہ تنظیم کسی گہرے فکر اور منصوبہ بندی کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اس کا قیام ایک ہنگامی ردعمل کے طور پر عمل میں لایا گیا۔21 اگست 1969 میں ایک آسٹریلوی ڈینس مائیکل روحان نے مسجد اقصی کے ایک حصے کو آگ لگا کر تباہ کرنے کی کوشش کی اس کی اس کوشش کے نتیجے میں 12ویں صدی کے لکڑی کے سٹرکچر اور مسجد کے جنوبی حصے کی دیواروں اور کھڑکیوں کو برباد کیا گیا۔ملعون نے صلاح الدین ایوبی کے ممبر کو بھی نظر آتش کر دیا۔اس کا کہنا تھا کہ مجھے بشارت ہوئی ہے کہ اس جگہ کو یہودی معبد کی تعمیر کے لئے صاف اور ہموار کروں۔اسرائیلی فوجیوں نے اسے گرفتار کیا اور اسرائیلی عدالت نے اسے ذہنی مریض قرار دے کر واپس آسٹریلیا بھجوا دیا۔یہودی ایک عرصے سے اقصی کے انہدام کے لئے کوشاں تھے او آئی سی کو بنے 57 سال ہو چکے ہیں اس کے درجنوں سربراہی اجلاس بھی منعقد ہوئے ہیں۔ وزارتی سطح پر ممبر ممالک کی کئی میٹنگز بھی ہوئی ہیں لیکن کیا اسرائیل اپنے ارادوں سے باز آیا ہے۔ یہودیوں نے اقصی کے پیچھے سرنگیں کھود کر اپنی متبرکات کو تلاش کرنے کی کاوشیں بھی کی ہیں،کھدائی کے باعث مسجد کی بنیادیں کمزور ہوئی ہیں اور اس کے گرنے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے۔او آئی سی کچھ بھی نہیں کر سکی،صہیونی اپنے تیسرے ہیکل کی تعمیر کے لئے یکسو ہیں،تیاریاں کر رہے ہیں، تیاریاں ہو چکی ہیں اور اب یہ صرف وقت کی بات ہے کہ وہ اس عمل کا آغاز کب کرتے ہیں ہم نے ری افواج نے آ کر معاملات درست کئے،یعنی اپنے مفادات کے حصول کیلئے اور اپنے انداز میں معاملات ری سیٹ کئے، پھر ہم دیکھتے ہیں کہ سعودی عرب اور قطر کے درمیان معاملات الجھے، دونوں ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن ہوئے۔ کوئی یا وقتی مفادات کے حصول کیلئے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نتائج کے اعتبار سے ایسے معاہدے کاغذ کے ٹکڑوں کے سوا اور کچھ ثابت نہیں ہوئے۔ ہم مکہ معاہدے پر بہت خوش ہیں ویسے ہمیں خوش ہونا بھی چاہئے کہ یہ مکہ معاہدہ ہے پھر معاہدہ بدر پر بھی خوش ہونا چاہئے کہ یہ حق و باطل کے اولین معرکہ جنگ بدر کے نام پر رکھا گیا ہے، جذبات کے اعتبار سے تو یہ سب کچھ ٹھیک ہے لیکن زمینی حقائق کچھ اور کہتے ہیں۔ یہ دونوں معاہدے ردعمل اور خوف کا نتیجہ ہیں۔ فروری2026 میں شروع ہونے والی اسرائیل ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں پھیلتی ہوئی ہلاکت اور تباہی نے بالخصوص عربوں پر خوف و ہراس کی کیفیت طاری کر دی ہے۔ اس لئے وہ حفاظتی بندوبست کرنے کیلئے ہاتھ پاں مار رہے ہیں یہ دونوں معاہدے اسی سوچ کا عکاس محسوس ہوتے ہیں۔ پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ بدر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی۔اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، ترکیہ کے وزیر قومی دفاع یاشار گولر، قطر کے نائب وزیراعظم اور وزیر مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن آل ثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع یوسف جوہری نے دستخط کیے۔ ترک وزارت دفاع نے اس معاہدے کو چاروں ممالک کے درمیان دفاعی شراکت داری مستحکم بنانے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ وزارت دفاع کے مطابق، بدر مفاہمتی یادداشت کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، عسکری تربیت، دفاعی ٹیکنالوجی، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں مشترکہ تعاون کو فروغ دینا ہے۔ اس تعاون سے نہ صرف متعلقہ ممالک ملے گی۔ ترکیہ کی دفاعی صنعت کے سربراہ ہالوک گورگن نے معاہدے کو تزویراتی تعاون کی بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی کا تبادلہ، مشترکہ ترقی اور مقامی پیداواری صلاحیتوں کو مضبوط بنانا پائیدار دفاعی صنعت کے بنیادی عناصر ہیں۔ان کے مطابق، یہ شراکت داری محض تیار فوجی ساز وسامان کی خریداری تک محدود نہیں رہے گی بلکہ متعلقہ ممالک کی افرادی قوت اور صنعتی ڈھانچے کی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ خواجہ آصف نے معاہدے کو علاقائی امن و استحکام کے لیے مشترکہ عزم کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق خود کفالت، صنعتی تعاون، مشترکہ پیداوار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کا خواہاں ہے۔ اس کے ساتھ مشترکہ تحقیق و ترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیتوں میں اضافے کو بھی خصوصی اہمیت دی جائے گی۔اس نوعیت کے معاہدے خوش آئند ہیں اور پاکستان کو مسلم دنیا میں اپنا اثر و رسوخ مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ مسلم ممالک میں پاکستان کو پہلے بھی مثبت انداز میں دیکھا جاتا رہا ہے، تاہم مئی 2025 کے بعد پیدا ہونے والی علاقائی صورتحال اور پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کے اظہار نے اس کی بین الاقوامی اہمیت کو مزید اجاگر کیا ہے۔ اس صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان کو مسلم ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات مزید مستحکم بنانے چاہئیں تاکہ دفاعی تعاون کے ساتھ معاشی مسائل کے حل کی نئی راہیں بھی کھل سکیں۔موجودہ عالمی حالات میں کوئی بھی ملک تنہا اپنی تمام ضروریات پوری نہیں کر سکتا۔ معاشی استحکام، صلاحیت، برآمدات اور بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط بنانے میں مضمر ہے دفاعی صلاحیتوں میں اضافے، صنعتی ترقی اور دیگر شعبوں میں پیش رفت کے لیے دوطرفہ اور کثیر جہتی تعاون ناگزیر ہے، خصوصا مسلم ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو محض عسکری ضروریات تک محدود رکھنے کے بجائے اسے وسیع تر اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ ایسے معاہدوں کے نتیجے میں دفاعی پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی، مشترکہ صنعتی منصوبوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا ہوتے ہیں۔ اس سے متعلقہ ممالک نہ صرف اپنی دفاعی ضروریات پوری کر سکتے ہیں بلکہ بیرونی انحصار کم کر کے مقامی صنعتوں کو بھی ترقی دے سکتے ہیں۔ پاکستان دفاعی پیداوار کے شعبے میں پہلے ہی متعدد مسلم ممالک کے ساتھ تعاون کر چکا ہے اور اس تعاون کو مزید وسعت دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پاکستان کی دفاعی صنعت میں تیار ہونے والے طیارے، بکتر بند گاڑیاں، اسلحہ اور دیگر فوجی ساز وسامان بین الاقوامی منڈی میں اپنی جگہ بنا سکتے ہیں۔ اگر مسلم ممالک کے ساتھ مشترکہ پیداوار اور دفاعی برآمدات میں اضافہ ہوتا ہے تو اس سے پاکستان کو قیمتی زرمبادلہ حاصل ہوگا، صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ دفاعی مصنوعات کی برآمدات محض تجارتی سرگرمی نہیں بلکہ طویل مدت تزویراتی تعلقات کی بنیاد بھی بنتی ہیں کیونکہ ان کے ساتھ تربیت، تکنیکی معاونت، مرمت، دیکھ بھال اور ٹیکنالوجی کی منتقلی جیسے شعبے بھی وابستہ ہوتے ہیں۔ اس طرح دفاعی تعاون کا دائرہ وسیع ہو کر معاشی ترقی کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ پاکستان کو اپنی جغرافیائی اہمیت، دفاعی مہارت اور مسلم ممالک کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو معاشی فوائد میں تبدیل کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ اس مقصد کے لیے ضروری ہے کہ دفاعی معاہدوں کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھی تعاون بڑھایا جائے۔ پاکستان کی معاشی مشکلات کا پائیدار حل صرف بیرونی امداد یا قرضوں میں تلاش کرنے کی بجائے اپنی پیداواری کی دفاعی پیداوار میں بہتری آئے گی بلکہ دوست ممالک کی دفاعی ضروریات پوری کرنے میں بھی مدد بشکریہ ترکیہ جس کی پارلیمان میں اسے منظوری کیلئے پیش کئے جانے کے لئے جب نشر کیا گیا تو ہمیں اس کی تفصیلات پتہ چلیں۔ بہت شاندار،مسلم دنیا کی ضروریات کے عین مطابق ہے مکہ ڈیکلریشن میں تینوں برادر ممالک نے ایک دوسرے کی قومی سلامتی کی حفاظت اور دشمنوں کے خلاف بنیان مرصوص کے طور پر اکٹھے رہنے کا عہد کیا ہے۔ معاہدہ بدر میں چاروں ممالک نے دفاعی تعاون کا عہد کیا ہے۔ دفاعی پیداوار، تکنیکی اور عسکری امور میں تعاون، قومی سلامتی و استحکام کیلئے ممالک ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔ برادر ممالک کے عہد و پیمان خوش آئند ہیں ان پر جتنی بھی تحسین کی جائے اتنی ہی

بقیہ بلوچستان نیوز 37

مہینوں میں برابر اقساط میں تقسیم ہوں گی۔ اب اہل افراد DIRBS کے ذریعے موبائل فون کا سیلز ٹیکس ماہانہ اقساط میں ادا کرسکیں گے، اقساط کی سہولت حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتے وقت ہی اس آپشن کا انتخاب کرنا ہوگا، سیلز ٹیکس کی اقساط کی تعداد مالی سال کے باقی مہینوں کے برابر ہوگی، جس میں درخواست جمع کرائی جائے گی۔ پہلی قسط درخواست کے وقت جاری ہونے والے PSID کے ذریعے ادا کرنا ہوگی، اگلی اقساط ہر ماہ مقررہ تاریخ پر الگ PSID کے ذریعے جمع کرانا ہوں گی۔ تمام اقساط کی ادائیگی 30 جون سے پہلے مکمل کرنا لازمی ہوگا، موبائل فون کے ٹیکس کی اقساط وقت سے پہلے بھی ادا کی جاسکیں گی، مقررہ تاریخ پر قسط ادا نہ کرنے کی صورت میں صارف ڈیفالٹر تصور ہوگا، قسط کی عدم ادائیگی پر موبائل فون کو غیر رجسٹرڈ قرار دے کر DIRBS کے ذریعے بلاک کیا جاسکے گا، اس کے علاوہ قسط میں تاخیر کی صورت میں باقی تمام سیلز ٹیکس فوری طور پر واجب الادا ہوجائے گا اور مزید اقساط کی سہولت ختم ہوجائے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 38

بھی لاپتہ افراد کی بازیابی اور بلوچستان کے وسائل کی لوٹ مار کو بھی زیر بحث لائے گی؟۔

بقیہ بلوچستان نیوز 39

جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کا بنوقابل پروگرام روز بروز ترقی کررہا ہے اور 16 لاکھ بچے اس پروگرام سے جڑ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتنی بڑی تعداد میں شرکا کی موجودگی بنوقابل پروگرام پر اعتماد کا اظہار ہے، یہ اے آئی کا دور ہے اور نوجوانوں میں بے شمار ٹیلنٹ موجود ہے، بنوقابل پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو آئی ٹی کی مفت تعلیم دے رہے ہیں، ہم نوجوانوں کو آئی ٹی کے میدان میں آگے لانا چاہتے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو سب سے زیادہ امید کی ضرورت ہے، اگر نوجوانوں کو مایوس کردیں گے تو کچھ بھی نہیں چلے گا، اگر انہیں مواقع فراہم کیے جائیں گے تو یہی نوجوان ملک کو آگے لے کر جائیں گے، جہاں مواقع ختم ہوچکے ہوں وہاں بنوقابل پروگرام امید بن کر ابھرا ہے اور یہ پروگرام گیم چینجر ثابت ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں ہم اتنا آگے نہیں بڑھ سکے جتنے مواقع موجود ہیں، پاکستان میں اس شعبے میں 30 سے 40 ارب ڈالر کے مواقع موجود ہیں، ہم حکومت سے مطالبے کے ساتھ ساتھ اپنے حصے کے چراغ بھی جلا رہے ہیں

بقیہ بلوچستان نیوز 40

ملوث افراد کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ حکام کے مطابق ہفتے کی دوپہر تک 135 افراد کو گرفتار کیا جاچکا تھا۔ مظاہروں میں طلبہ، مزدوروں اور مختلف ٹریڈ یونینز کے کارکنوں کی بڑی تعداد شریک ہے۔ مظاہرین بہتر تعلیمی سہولیات، اساتذہ کی تعداد میں اضافے، اجرتوں میں بہتری، پنشن کے معاملات میں اصلاحات اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سے ریلیف کا مطالبہ کررہے ہیں۔ پیرس میں مظاہرے کے مجوزہ راستے میں پولیس کی جانب سے آخری وقت میں تبدیلی پر بھی تنازع پیدا ہوا۔ متعدد دکانوں کو ممکنہ توڑ پھوڑ سے بچانے کے لیے بند کردیا گیا جبکہ لوور میوزیم، میوزیم دے اورسے اور اوپیرا ہاس سمیت اہم ثقافتی مقامات بند رہے۔ شہر کی 20 سے زائد میٹرو اسٹیشنوں پر بھی بندش کی اطلاعات ہیں۔ لیون میں پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس استعمال کی جبکہ بعض دیگر شہروں میں احتجاج پر پابندیاں اور اجتماعات سے متعلق سخت شرائط نافذ کی گئیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں اور ٹریڈ یونینز نے ان اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے احتجاج کے حق پر ممکنہ اثرات کے بارے میں تشویش ظاہر کی ہے۔ دوسری جانب صدر ایمانوئل میکرون کی حکومت نے تعلیمی نظام میں اصلاحات اور عوامی مسائل پر بات چیت کا عندیہ دیا ہے۔ تاہم طلبہ تنظیموں کا کہنا ہے کہ واضح اور عملی اقدامات سامنے آنے تک احتجاج جاری رہ سکتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 41

رات کے وقت ایک ساتھ دیکھا گیا تھا تاہم رات گئے ناخوشگوار واقعہ میں دونوں فائرنگ سے قتل کردیئے گئے۔ یونس غلامانی کو مبینہ طور پر ان کے گھر کے قریب فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔ جن کی لاش صبح کھٹان ایریا سے ملی۔ واقعہ کے مضمرات جانچا جارہا ہے جس میں دونوں دوستوں کے آپسی رنجش کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق اس سے قبل دونوں مقتول افراد کو پولیس نے مختلف الزامات کے تحت پابند سلاسل بھی کرچکی ہے۔ یاد رہے کہ محمد سیج قنوانی خضدار کے معروف گھڑی ساز حبیب اللہ قنوانی کے فرزند جب کہ یونس غلامانی سابق میئر میر عبدالرحیم کرد اور حاجی غلام حسین کرد کے قریبی عزیز بتائے جاتے ہیں۔ پولیس واقعہ سے متعلق مزید تفتیش کررہی ہے

بقیہ بلوچستان نیوز 42

مسلح افراد کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا۔ اس واقعے کے بعد اسرائیلی دفاعی افواج، داخلی سیکورٹی ادارے شن بیت اور سرحدی پولیس نے مشترکہ کارروائیاں شروع کیں۔ اسرائیلی حکام کے مطابق آپریشن کا مقصد مشتبہ افراد کی تلاش، اسلحے کی برآمدگی اور مبینہ عسکری ڈھانچے کو ختم کرنا ہے۔ کارروائی کئی روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹس کے مطابق الخلیل اور اس کے اطراف میں نقل وحرکت پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں جبکہ متعدد مقامات پر سیکورٹی چیکنگ سخت کردی گئی ہے۔ فلسطینی حکام اور مقامی ذرائع کے مطابق فوجی کارروائی کے باعث سیکڑوں خاندان متاثر ہوئے ہیں۔ 24 اکتوبر کی رپورٹس میں تقریباً 1,200 سے 1,500 فلسطینیوں کے اپنے گھروں سے بے گھر ہونے کی اطلاعات سامنے آئیں۔ بعض علاقوں میں عمارتوں کو مسمار کرنے کی کارروائیاں بھی رپورٹ کی گئی ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے حملہ آوروں کے محلے کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان کرتے ہوئے مغربی کنارے میں مزید وسیع آپریشن کی تیاری کی ہدایت دی ہے۔ دوسری جانب فلسطینی حکام نے شہریوں کی نقل مکانی اور املاک کی تباہی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ خطے میں تازہ کارروائیوں کے بعد کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 43

کیلئے امریکا، آذربائیجان اور دیگر ممالک سے 22 ایل این جی کارگو زر آمد کرنے کی منظوری مانگی تھی، ہنگامی بنیادوں پر 7 سے 10 اکتوبر کے دوران 12 کارگو منگوانے کی اجازت بھی طلب کی گئی، تاہم منظوری نہ مل سکی، سردیوں کیلئے دوا رب ڈالر کی ایل این جی درآمد کرنے کا فیصلہ تاحال زیر التوا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 44

سائیکل سوار ولی محمد ولد نواب خان کھوسو کو گرا دیا اور اس سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ ٹی ڈیرہ مراد جمالی میں گزشتہ شب گجر محلہ میں نامعلوم تین نقاب پوش افراد نے فرمان علی سومرو سے اسلحے کے زور پر قیمتی موبائل فون اور ہزاروں روپے چھین کر فرار ہوگئے کچھی بھاگ سٹی صوفن شاہ وارڈ گویا محلہ میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ایک شخص شوکت علی سے موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے

بقیہ بلوچستان نیوز 45

استعمال کرنے کی مبینہ کوششیں جمہوری اقدار اور آئینی اصولوں کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن ایک جمہوری و سیاسی رہنما ہیں، ان کے سیاسی مؤقف سے اختلاف کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ دلیل، منطق اور سیاسی مکالمے کے ذریعے اپنا مؤقف پیش کریں، کیونکہ جمہوریت میں اختلاف رائے کو برداشت کرنا اور مخالف آواز کا احترام کرنا بنیادی اصول ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی خزانہ کسی حکومت، جماعت یا فرد کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، جس کا ایک ایک پیسہ عوام کی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر خرچ ہونا چاہیے، نہ کہ سیاسی مخالفین کو دبانے، ان کے خلاف مہم چلانے یا ان کی کردارکشی کے لیے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر سرکاری وسائل کے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کے الزامات سامنے آرہے ہیں تو ان کی شفاف، غیر جانب دارانہ اور قابل اعتماد تحقیقات ہونی چاہئیں، کیونکہ قومی امانت کے تحفظ کا تقاضا ہے کہ ہر خرچ کا حساب دیا جائے اور حقائق کو نعروں، پروپیگنڈے یا سیاسی بیان بازی کے بجائے ثبوت اور قانون کی روشنی میں پرکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ہمیں عدل و انصاف، دیانت داری، امانت کی حفاظت اور حق بات کہنے کا درس دیتا ہے؛ اس لیے سیاسی اختلاف کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنا اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے کسی کی ساکھ مجروح کرنا نہ اخلاقی طور پر درست ہے اور نہ ہی جمہوری روایات سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت معاشی مشکلات اور عوامی مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں قومی وسائل کے استعمال میں شفافیت، حکمرانوں کی جواب دہی اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینا ناگزیر ہے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر اور جنرل سیکرٹری نے واضح کیا کہ سیاسی میدان میں مقابلہ کارکردگی، دلیل، نظریے اور عوامی خدمت کی بنیاد پر ہونا چاہیے، سرکاری وسائل اور کردارکشی کے ذریعے نہیں، کیونکہ آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار، عوام کے حق حکمرانی اور جمہوری آزادیوں کا تحفظ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 46

ریفریجریشن آلات شامل ہیں۔ یہ اقدام ریپبلکن سینیٹر سوزن کولنز کی درخواست پر کیا گیا، جنہوں نے مین کی زرعی صنعتوں کے لیے آسٹنی حاصل کرنے کا دعویٰ کیا، امریکہ کینیڈا کی تقریباً 70 فیصد برآمدات کی منزل ہے۔ امریکہ نے بعض اشیا پر محصولات ختم کرنے کے ساتھ قالین، بعض والوز اور فضلہ جات پر نئے محصولات بھی عائد کیے ہیں، جو 30 اکتوبر سے نافذ ہوں گے۔ کینیڈا نے اقدامات کا جائزہ لینے اور امریکہ سے تعمیری مذاکرات جاری رکھنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 47

پولیو سے پاک پاکستان ہماری قومی ترجیح اور بچوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین پولیو کے قطروں کو اپنے بچوں کی صحت اور مستقبل کا تحفظ سمجھتے ہوئے ہر انسداد پولیو مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ کوئی بچہ اس موذی مرض سے متاثر نہ ہو۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے انسداد پولیو مہم کے آغاز کے ذریعے بچوں کی صحت کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کیا، جبکہ ان کا مشن آج بھی ایک صحت مند اور محفوظ پاکستان کی جدوجہد میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور آصفہ بھٹو زرداری کی جانب سے پولیو کے خاتمے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچوں کو معذوری سے بچانے اور صحت مند مستقبل فراہم کرنے کے لیے قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اور مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو ورکرز قومی خدمت کے عظیم مشن پر مامور ہیں۔ ان کی حفاظت، حوصلہ افزائی اور ضروری سہولیات کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی صحت کے تحفظ اور بچوں کے روشن مستقبل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، متعلقہ اداروں، والدین اور عوام کے باہمی تعاون سے پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 48

گیا، یہ کسی چینی بحری ہسپتال جہاز کا مغربی افریقی ملک گھانا کا پہلا دورہ ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مشن ہارمنی 2026 کے تحت خدمات انجام دینے والا ہسپتال جہاز بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا۔ جہاز کی آمد پر چینی بحریہ کے اہلکاروں اور سویلین عملے نے جہاز پر صف بندی کی اور استقبال کے لیے موجود افراد کو ہاتھ ہلا کر خوش آمدید کہا۔ استقبالیہ تقریب میں گھانا کے فوجی اور حکومتی حکام، گھانا میں چین کے سفیر، دفاعی اتاشی اور سفارت خانے کے عملے سمیت گھانا میں مقیم چینی برادری اور چینی کاروباری اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکا نے بینرز اٹھا رکھے تھے اور چین و گھانا کے قومی پرچم لہرا کر چینی بحری ہسپتال جہاز کا استقبال کیا۔ تقریب کے بعد گھانا کے حکومتی اور فوجی حکام نے گھانا میں چین کے سفیر، دفاعی اتاشی اور سفارت خانے کے عملے کے ہمراہ جہاز کا دورہ کیا اور مشن کے ارکان سے تبادلہ خیال کیا۔ 7 روزہ دورے کے دوران ہسپتال جہاز پر مقامی مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی، جبکہ جہاز کا طبی عملہ مقامی طبی مراکز میں بھی خدمات انجام دے گا اور طبی شعبے میں تبادلہ خیال کی نشاندہی ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی ہدایات پر سو فیصد عمل درآمد کیا جائے گا اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 49

پاک ہے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مذکورہ اسکیم پر قبضہ مافیا کی جانب سے آئے روز حملوں کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ان کے خلاف قانونی کارروائی کریں تاکہ بلوچستان کا صاف شفاف اسپتج لوگوں تک جائے اور اس اسکیم میں لوگ سرمایہ کاری کرسکیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گرینڈ جاوی ہاؤسنگ اسکیم متعارف کرائی گئی گزشتہ ڈھائی سال سے اسکیم میں روڈ کی تعمیر 70 فیصد مکمل ہوچکی ہے بدقسمتی سے جرائم پیشہ اور لینڈ مافیا گروپ اور عناصر ہمارے کام میں رکاوٹ ڈال کر تعمیراتی کام کیلئے مشینری اور ٹھیکیداروں سے بھتہ وصولی کے علاوہ مزدوروں کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں چند روز قبل بھی مسلح حملہ آوروں نے حملہ کرکے مزدوروں کو زدوکوب اور مشینری کو نذر آتش کیا جس کا مقدمہ درج کیا گیا عناصر نے اسکیم میں قائم مسجد اور اس میں رکھے ہوئے قرآن پاک کے نسخوں کو شہید کیا تاحال ان کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی ہماری وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ، کمانڈر 12 کور اعلیٰ سیکورٹی اداروں کے حکام اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے اپیل ہے کہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کرکے اس میں ملوث ملزمان کو قانون کے شکنجے میں جکڑ کر قرار واقعی سزا دیں تاکہ مذکورہ سکیم میں لوگ سرمایہ کاری کرسکیں یہ ہاؤسنگ اسکیم انٹرنیشنل اوورسیز اکنامک کوریڈور کے چاروں صوبوں کیلئے پروجیکٹ کا حصہ ہے اور بہتہ خور عناصر اس میں رخنہ ڈال کر سرمایہ کاری کو روکنا چاہتے ہیں ہماری حکومت ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر حکام سے اپیل ہے کہ ان کے خلاف کارروائی کرکے ہمارے سرمایہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم پر امن کاروباری لوگ ہیں ہم کوئی جھگڑا یا تصادم نہیں چاہتے قانون کے مطابق ادارے ان کے خلاف کارروائی کریں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ایسے بلیک میلر عناصر کی گھناؤنی سازشوں سے دور رہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 50

روپے میں بھی فروخت ہو رہا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ شہر میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 260 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق مٹن فی کلو 2 ہزار 600 روپے جبکہ بیف فی کلو 1 ہزار 600 روپے فروخت کیا جا رہا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ پھلوں سمیت دیگر اشیائے خورونوش کی بھی مہنگے دام فروخت جاری ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 51

محال بنا دیا گیا ہے۔ عوام کے لیے حلال روزی کمانا مشکل بنا دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کوئٹہ کے دوران قبائلی عمائدین، مشران، سیاسی قائدین سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور، قبائلی روایات، علاقائی مسائل اور بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ قبائلی عمائدین مشران وسیاسی قائدین نے سراج الحق کو بتایا کہ بلوچستان نو گوایریا بن گیا ہے تجارت، ٹرانسپورٹ، پارڈرز، شاہراہوں کی بندش کیساتھ اکثر علاقوں میں انٹرنیٹ ونظام زندگی بھی جام وبند ہوگئی ہے۔ ہر علاقہ ویران، خوشحال پر امن علاقوں میں بدامنی پیدا کی گئی ہیں قبائلی عوام وخاندانوں کو بیدخل کیا جارہا ہے سرحلاقوں میں نقل مکانی بہت مشکل وناممکن کام ہے۔ حکومت خاموش وحکمران اور سیکورٹی ادارے خاموش ہیں تاجروعوام نان شبینہ کے محتاج بن گیے ہیں لوگ لاپتہ ہورہے ہیں پر امن جمہوری احتجاج جمہوری مزاحمت پر بھی پابندی ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان میں امن سانس وزندگی کا رشتہ برقرار رکھنے کیلئے ضروری ولازمی ہیں۔ امن کی ذمہ داری جس کی ہے اس امن وامان پر توجہ دینی چاہیے بلوچستان میں طاقت کے استعمال فوجی آپریشنز حقیقی قبائلی وسیاسی قیادت کو اعتماد میں لینا ضروری ولازمی ہے جماعت اسلامی امن کے قیام اہل بلوچستان کو حقوق دینے، پارڈرز کھولنے لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کیلئے ہر سطح پر جدوجہد کررہی ہے بلوچستان میں تجارت کا واحد ذریعہ ایران افغانستان بارڈرز ہیں اب پارلیمنٹ کو باہمی پاس کرکے بزور طاقت بارڈرز بند کرکے معاشی طور پر تاجروعوام کو تباہ اور ایران وافغانستان سے دوستی وتجارت کے بجائے دشمنی وغیر قانونی اسمگلنگ کو رواج دیا جارہا ہے جو ملک وقوم کیلئے تباہ کن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر کیے جانے والے فیصلوں سے محرومیوں اور بے چینی میں اضافہ ہوگا اس لیے ضروری ہے کہ تمام مسائل کو مذاکرات، مشاورت اور آئینی وجمہوری طریقے سے حل کیا جائے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بلوچستان کے عوام کو باعزت روزگار، تجارت کی آزادی، بنیادی انسانی حقوق اور پُرامن زندگی کی فراہمی یقینی بنائیں، کیونکہ عوام کو ریلیف دیے بغیر پائیدار امن کا قیام ممکن نہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 52

شرکت کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد تمام محکموں نے باری باری اپنی ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ محکمہ صحت نے ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی، محکمہ تعلیم نے اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری، جبکہ محکمہ بی اینڈ آر، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور اربن پلاننگ نے جاری ترقیاتی اسکیموں، سڑکوں اور واٹر سپلائی اسکیموں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اسکے علاوہ محکمہ حیوانات، ڈیزاعت اور دیگر مختلف محکمہ جات کے آفیسران نے بھی اپنے اپنے محکموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے تمام محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے جاری ترقیاتی منصوبے کسی پر احسان نہیں بلکہ عوام کا حق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خضدار ایک پسماندہ ضلع ہے، یہاں کے عوام کو تعلیم، صحت، پانی اور سڑکوں جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور ہر منصوبے میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور دیرپا سہولیات میسر آسکیں۔ میر یونس عزیز زہری نے مزید کہا کہ تمام محکموں کے افسران اپنے دفاتر میں عوام کے لیے آسانی پیدا کریں، عوامی مسائل کے حل میں کوتاہی نہ برتیں اور اپنی ذمہ داریاں احسن، ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ نبھائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے اپنی ماہانہ کارکردگی رپورٹ تیار رکھیں اور وہ خود اگلے دفاتر جائینگے۔ تاکہ جن محکموں کی کارکردگی خراب ہے ان کی نشاندہی ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کی ہدایات پر سو فیصد عمل درآمد کیا جائے گا اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 53

پولیس فورس کے لیے ہفتہ وار آرام لازمی قرار دیا گیا ہے۔ پالیسی کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس اسلام آباد کو تمام عہدوں کے افسران اور اہلکاروں کی اتفاقیہ رخصت منظور کرنے کا اختیار ہوگا جبکہ ایس پی اور ڈی ایس پی کے عہدے تک کے افسران کی طویل چھٹیاں بھی آئی جی منظور کر سکیں گے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کو کانسٹیبل سے انسپکٹر تک تمام رخصتوں کی منظوری کا اختیار دیا گیا ہے۔ پالیسی کے تحت ایس ایچ او کانسٹیبل سے ہیڈ کانسٹیبل تک 3 دن کی اتفاقیہ رخصت منظور کر سکے گا جبکہ ڈی ایس پی کو 5 دن تک رخصت منظور کرنے کا اختیار ہوگا۔ ایس پی کانسٹیبل سے سب انسپکٹر تک کی اتفاقیہ رخصت منظور کر سکے گا جبکہ ایس ایس پی ایس ایچ او اور انسپکٹر کے عہدے تک کے افسران کو 3 دن کی اتفاقیہ رخصت دے سکے گا۔ پالیسی میں حج کے لیے 45 دن اور عمرہ و زیارات کے لیے 21 دن کی رخصت مقرر کی گئی ہے، طبی ضروریات کے تحت پولیس اہلکاروں کو طبی رخصت بھی دی جائے گی۔ نئی پالیسی کے مطابق ہفتہ وار آرام کو باقاعدہ رخصت سے الگ رکھا جائے گا، مرکزی اور صوبائی مقابلے کے امتحانات میں شرکت کے لیے 20 دن جبکہ انٹرویو کے لیے 15 دن تک رخصت مل سکے گی۔ شادی کے موقع پر خواتین پولیس افسران کو 1 ماہ جبکہ مرد اہلکاروں کو 10 دن کی رخصت دینے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 54

نشانہ بنانے کے ایرانی منصوبوں کا ذکر ہے، دیگر امریکی حکام نے خیال ظاہر کیا کہ ایران کے ایجنٹ ریاستہائے متحدہ کے اندر موجود ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایک عہدیدار نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے اعلیٰ معاونین کو ایران کے بڑھتے ہوئے خطرات کے بارے میں باقاعدگی سے بریفنگ دی جارہی ہے، یہ خطرات صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تجزیہ کار تین ہفتوں سے ایسی انٹیلی جنس معلومات کا جائزہ لے رہے ہیں، جن کا تعلق امریکی عہدیداروں، بشمول سفیروں، کو نشانہ بنانے والے خطرات سے ہے، بعض معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریاستہائے متحدہ کے اندر ایرانی عناصر کی موجودگی کا امکان ہے۔ اسی سلسلے میں حکام نے نشاندہی کی کہ ممکنہ ایرانی منصوبوں میں یورپ میں بھی اہداف شامل ہیں تاہم ایک اور عہدیدار نے خبردار کیا کہ ریاستہائے متحدہ کے اندر یا دیگر بیرونی علاقوں میں حملے کرنے کی تہران کی صلاحیت محدود ہے اور بڑے حملے کرنے کے اس کے عزائم اس کی حقیقی صلاحیتوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ یہ معلومات اس وقت سامنے آئیں، جب قومی انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر جے کلیٹن کی ایک میمو کا انکشاف ہوا، جو انہوں نے وزیر خارجہ مارکو روبیو کو بھیجی تھی اور جس میں بیرون ملک امریکی عہدیداروں اور سفارت کاروں کو لاحق ممکنہ خطرات کا ذکر ہے۔ میمو میں یہ بھی کہا گیا کہ اب یہ واضح ہوگیا ہے کہ بعض انٹیلی جنس معلومات اور تجزیے مشرق وسطیٰ اور دیگر علاقوں میں امریکی سرکاری عہدیداروں کو نشانہ بنانے کی ایرانی کوششوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔ کلیٹن نے میمو میں لکھا کہ ہمیں متعدد ذرائع سے ایسی انٹیلی جنس معلومات موصول ہوئی ہیں کہ ایران نے امریکی افراد کو نشانہ بنانے کی اپنی کوششیں نمایاں طور پر تیز کردی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکی شہریوں کو قتل کرنے کے ایرانی منصوبے، خواہ مشرق وسطیٰ میں ہوں یا بعض دیگر ممالک میں، اعلیٰ مراحل تک پہنچ چکے ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے گزشتہ روز جمعہ کو مشرق وسطیٰ میں چار امریکی سفارت خانوں کے عملے کی تعداد کم کرنے کا فیصلہ کیا، یہ فیصلہ ان انٹیلی جنس معلومات کے بعد کیا گیا کہ ایران نے خطے اور دیگر مقامات پر امریکی ملازمین کو نشانہ بنانے کی اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ تاہم عملے کی تعداد کم کرنے اور آپریشنل سرگرمیوں کو محدود کرنے کے باوجود یہ سفارت خانے اپنے فرائض کی انجام دہی جاری رکھنے کے لیے کھلے رہیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 55

اور برابر کا حصہ ہیں، جنہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور مواقع ملنے چاہئیں لیکن بدقسمتی سے حکمرانوں نے اس جانب کوئی توجہ نہیں دی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان بلائنڈ ریلیف ایسوسی ایشن اور بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام شہید چھتری کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلوچستان بلائنڈ ریلیف ایسوسی ایشن کے صدر محمد نذیر، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کیمپرو فیسرا کبر ساسولی، الفوز ہنر مند فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن شہزادی فوزیہ کاسی، ادارہ بحالی مستحقین کی صباگمی، پرنسپل گورنمنٹ کواری گرلز کالج پروفیسر فرخ بشیر سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا قبل ازیں ادارہ بحالی مستحقین کی جانب سے نابینا افراد میں چھڑیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہا کہ حکمرانوں کو اپنے حصے کی شاہ خرچیاں ترک کرکے معذور ومجبور افراد کی فلاح و بہبود پر رقم خرچ کرنا چاہیے وسائل حکومتوں کے پاس بہت ہیں جو وہ صرف اپنی اسائشیوں پر خرچ کرتے ہیں لیکن ضرورت مندوں پر استعمال نہیں کیے جاتیا نہوں نے کہا کہ نابینا افراد کو تعلیم، روزگار، صحت اور عام زندگی میں دوسرے شہریوں کی طرح تمام بنیادی حقوق حاصل ہونے چاہئیں وہ انکی ا?وازا سمبلی کے فلور پر بھی اٹھائیں گے اور انہوں نے کہا کہ الخدمت فاونڈیشن بھی اس ضمن میں نابینا افراد کے ساتھ تعاون کرے گی جبکہ ہماری بنو قابل ا?ئی ٹی لیب میں بھی انکے لیئے خصوصی کورسز کروائے جائیں گے۔!

بقیہ بلوچستان نیوز 56

نہیں کی گئیں۔ اس صورتِ حال کے باعث غریب ملازمین اور ان کے خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ مہنگائی کے موجودہ دور میں گھریلو اخراجات پورے کرنا بھی دشوار ہوگیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ صفائی کے ملازمین شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے کے لیے اہم خدمات انجام دیتے ہیں، لیکن ان کی تنخواہیں روکنا سراسر ناانصافی ہے۔ پارٹی نے کہا کہ دستیاب معلومات کے مطابق صوبائی حکومت کو جنرل سیلز ٹیکس) جی ایس ٹی (کی مد میں وفاقی حکومت سے سالانہ 16 ارب روپے سے زائد ملتے ہیں، اس کے باوجود لوکل گورنمنٹ کے ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں۔ صوبائی حکومت اور محکمہ خزانہ کی ذمہ داری ہے کہ مختص فنڈز کو مقررہ مقاصد کے لیے استعمال کریں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے مطالبہ کیا کہ لوکل گورنمنٹ کے ملازمین کی تمام واجب الادا تنخواہیں فوری ادا کی جائیں، جی ایس ٹی کے فنڈز لوکل گورنمنٹ کے لیے مختص کیے جائیں اور آئندہ تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ ملازمین کو مزید مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 57

بشمت کمار کے قتل کے واقعے پر انہیں دلی صدمہ پہنچا ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں وہ ہندو برادری اور متاثرہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے ا

موبائل فونز کو رجسٹر کروانے کیلئے سیلز ٹیکس اقساط میں ادا کرنے کی اجازت

ایف بی آر نے موبائل فونز کی رجسٹریشن اور ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار میں نئی ترمیم کردی، مالی سال کے باقی مہینوں میں برابر اقساط میں تقسیم ہوں گی

اقساط کی سہولت حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتے وقت ہی اس آپشن کا انتخاب کرنا ہوگا، ہر ماہ مقررہ تاریخ پر الگ PSID کے ذریعے جمع کرانا ہوں گی

اسلام آباد (آئی این پی) ایف بی آر نے غیر رجسٹرڈ موبائل فونز کے لیے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے پاکستان میں غیر رجسٹرڈ موبائل فونز کو رجسٹر کروانے کے لیے سیلز ٹیکس اقساط میں ادا کرنے کی اجازت دے دی۔ ایف بی آر نے موبائل فونز کی رجسٹریشن اور ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار میں نئی ترمیم کر دی جس کے تحت درآمد شدہ موبائل پر سیلز ٹیکس اب اقساط میں ادا ہو سکے گا، سیلز ٹیکس مالی سال کے باقی

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی اختلاف کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنا درست نہیں، مولانا واسع

قومی خزانے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا عوامی امانت سے خیانت ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل سابق رکن قومی اسمبلی آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ اختلاف کی آڑ میں کردار کشی، الزام تراشی اور سرکاری وسائل کو سیاسی مخالفین کے خلاف

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا مشترکہ ذمہ داری ہے، بلال مندوخیل

عوام کے باہمی تعاون سے پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جا سکتا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے انسداد پولیو کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا ریاست، معاشرے اور والدین کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گرینڈ جاوی ہاؤسنگ اسکیم کیوڈی اے سے منظور شدہ ہے، فیض خلجی

کام میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر کیخلاف کارروائی کی جائے، عبدالرشید بنگلوئی و دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) نجی ہاؤسنگ اسکیم کے مالک فیض اللہ خلجی، ملک عبدالرشید بنگلوئی اور انٹرنیشنل اوور سیز اکنامک کوریڈور بلوچستان کے صدر میر جہانگیر لانگو نے کہا ہے کہ گرینڈ جاوی ہاؤسنگ اسکیم کیلئے کیوڈی اے سے منظور شدہ اور تمام مسائل اور پھڈوں سے

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مرغی کا گوشت 0 5 روپے کلو مہنگا

پھلوں سمیت دیگر اشیائے خورونوش کی بھی مہنگے داموں فروخت جاری

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ میں 600 روپے فی کلو فروخت ہونے والا مرغی کا گوشت اب 50 روپے اضافے کے بعد 650 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے۔ مائکٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے بعض علاقوں میں مرغی کا فی کلو گوشت 670 سے 700

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال کاکڑ چینی کاروباری نمائندے سے ملاقات کر رہے ہیں

دینی مدارس کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، مولانا لونی

نصاب کا انتہا پسندی، تشدد اور عسکریت پسندی سے تعلق جوڑنا درست نہیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی اور دیگر رہنماں نے کہا ہے کہ دینی مدارس کی آزادی، خودمختاری اور حرمتِ فکر و عمل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ مدارس کے خلاف کردار کشی کی مہم حقائق کے منافی ہے، جبکہ دینی مدارس کے نصاب کا انتہا پسندی، تشدد اور عسکریت پسندی سے تعلق جوڑنا

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک چین تعلقات محض سفارتی روابط تک محدود نہیں، بلال کاکڑ

سی پیک نے بلوچستان کی جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کو مزید اجاگر کیا

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ چین کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ دوستی اور اقتصادی تعاون بلوچستان کے لیے ترقی کے نئے امکانات پیدا کر سکتا ہے۔ سی پیک اور معدنی منصوبوں میں چینی شراکت داری صوبے کے قدرتی وسائل کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے، صنعتی سرگرمیوں کو وسعت

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فرانس میں احتجاج شدت اختیار کر گیا 135 گرفتار

پیرس سمیت مختلف شہروں میں مظاہرے، پرتشدد واقعات اور لوٹ مار روکنے کے لیے سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات

لیون میں پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس استعمال کی، بعض دیگر شہروں میں احتجاج پر پابندیاں، سخت شرائط نافذ

فرانس (بلوچستان نیوز) فرانس میں مہنگائی، تعلیمی نظام اور عوامی سہولیات سے متعلق حکومتی پالیسیوں کے خلاف ملک گیر احتجاج نے شدت اختیار کر لی۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ہفتے کے روز پیرس سمیت مختلف شہروں میں مظاہرے کیے گئے، جبکہ حکام نے گزشتہ ہفتے ہونے والے پرتشدد واقعات اور لوٹ مار روکنے کے لیے سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے ہیں۔ ملک بھر میں تقریباً 70 ہزار پولیس اہلکار اور جندارم تعینات کیے ہیں۔ وزیر داخلہ لوراں نونیز نے پولیس کو ہدایت دی ہے کہ تشدد، توڑ پھوڑ اور لوٹ مار میں

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نادرا میگا سینٹر کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

ژوب، پولیس کی بڑی کارروائیاں، موبائل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

ژوب (یو این اے) ایس پی ژوب سید عبدالصبور آغا کے احکامات پر کارروائی کرتے ہوئے ڈی ایس پی کمپلیٹ گلاب الدین کاکڑ ایس ایچ او

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی کوریا کے سربراہ چین پہنچ گئے

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا کے سربراہ کم جونگ ان عوامی جمہوریہ چین پہنچ گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کم جونگ ان دریائے یالو پر قائم کیے جانے والے نئے پل کے ذریعے چین کے سرحدی

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حب، امیر آباد میں گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین لی گئی

حب (این این آئی) حب کے علاقے امیر آباد میں گزشتہ رات نامعلوم مسلح ملزمان گن پوائنٹ پر شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نادرا میگا سینٹر کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

پشتون نخوا وطن کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، نصر اللہ زیرے

پشتون اور بلوچ عوام کو مسلسل محرومیوں سے دوچار رکھا جا رہا ہے، صوبائی صدر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط سرہ غوڑ گئی علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کانفرنس میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری حاجی اعظم خان مسیزئی، صوبائی نائب صدر عبدالقیوم خان ایڈووکیٹ، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سنی تحریک کے دونوں دھڑوں کے انضمام کی تیاریاں

ثروت اعجاز قادری اور علامہ شاداب رضا نقشبندی جلد مشترکہ پریس کانفرنس کرینگے

کراچی (آئی این پی) کراچی کی سیاست میں بڑا بریک تھرو ہونے جا رہا ہے کیونکہ پاکستان سنی تحریک کے دونوں دھڑوں کے انضمام کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہیں۔ پاکستان سنی تحریک کے دونوں گروپوں کے سربراہ ثروت اعجاز قادری اور

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ذاتی طور پر ایمرجنسی کے حق میں نہیں، گورنر سندھ

کے پی میں ریاست دشمنوں کی سہولت کاری روکنے کے لیے ایمرجنسی نافذ کرنا پڑی

ٹورنٹو (این این آئی) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ وہ ذاتی طور پر ایمرجنسی کے حق میں نہیں۔ ٹورنٹو میں پاکستانی کمیونٹی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ جمہوری حکومت ہونی چاہیے مگر کے پی میں ریاست دشمنوں کی سہولت کاری روکنے

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وادی نیلم، سکول جانے والی گاڑی دریائے نیلم میں گر گئی، 4 بچے جاں بحق

وادی نیلم (این این آئی) آزاد کشمیر میں سکول جانے والی گاڑی دریائے نیلم میں گرنے سے 4 بچے جاں بحق اور چار افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق وادی نیلم کے علاقے نگدر میں گھوڑے نکلے کے مقام پر موڑ کاٹتے ہوئے جیپ بے قابو ہو کر سڑک سے تقریباً سو فٹ نیچے گہری کھائی میں جا گری۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثے کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں میں حسنین ولد ظہور عمر 12 سال، تیفور ولد مشکور عمر 10 سال، علین دختر مشکور عمر 16 سال اور زرید ولد ظہور عمر 2 سال شامل ہیں۔

آئی ٹی کے شعبے میں چالیس ارب ڈالر کے مواقع موجود ہیں، حافظ نعیم

نوجوانوں میں بے شمار ٹیلنٹ ہے، انہیں مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ ملک کو آگے لے کر جائیں گے

نوجوانوں کو مایوس کر دیں گے تو کچھ بھی نہیں چلے گا، بنو قابل پروگرام گیم چینجر ثابت ہوگا، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ملک میں آئی ٹی کے شعبے میں 30 سے 40 ارب ڈالر کے مواقع موجود ہیں، نوجوانوں میں بے شمار ٹیلنٹ ہے، انہیں مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ ملک کو آگے لے کر جائیں گے۔ پاکستان کے سب سے بڑے اے آئی ہیکاتھون 2026 کے گرینڈ فائنل کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن ایک بااعتماد ادارہ ہے جو نہ صرف انسانیت کی خدمت کر رہا ہے بلکہ نوجوانوں کی تربیت بھی کر رہا ہے۔ امیر

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نوجوانوں کی وفاقی ملازمتوں میں نمائندگی ناگزیر ہے، سیدال ناصر

گریڈ 1 سے 16 تک کی خالی آسامیوں پر فوری بھرتیوں کا عمل خوش آئند ہے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو وفاقی ملازمتوں میں ان کے مقررہ کوٹے کے مطابق مواقع فراہم کرنا صوبے کی ترقی، معاشی استحکام اور عوامی خوشحالی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ وزیراعظم آفس کی ہدایات پر وفاقی حکومت میں بلوچستان کے کوٹے کے تحت

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں میٹرک اور انٹر کے امتحانی شیڈول میں تبدیلی

میٹرک کے امتحان رواں سال دسمبر، جبکہ انٹر کے امتحان آئندہ سال مارچ میں ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں میٹرک اور انٹر کے امتحانی شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی، میٹرک کے امتحان رواں سال دسمبر میں جبکہ انٹر کے امتحان آئندہ سال مارچ میں ہوں گے۔ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین محمد اسحٰق نے بتایا کہ پہلے میٹرک کے امتحان فروری مارچ میں ہوتے تھے جس کی وجہ سے ایف

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، مرکزی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

خشک سالی سے تلوبند کنزرونیسی کی جنگلی حیات کو خطرات

مصنوعی آبی تالابوں کی تعمیر اور ان میں پانی پہنچانے کا کام شروع

کوئٹہ (یو این اے) بارشوں کی طویل بندش کے باعث تلوبند کنزرونیسی میں قدرتی آبی ذخائر اور تالاب خشک ہونے لگے ہیں، جس سے نایاب جنگلی حیات کی بقا کو خطرات لاحق ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ صورتحال کے پیش نظر کنزرونیسی کی انتظامی ٹیم نے مختلف علاقوں میں جنگلی جانوروں کو پانی فراہم کرنے کے لیے مصنوعی آبی تالابوں کی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کانفرنس سے تنظیم مزید مضبوط اور منظم ہوگی، سیف اللہ

منظم تنظیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، شعور اور اجتماعی جدوجہد میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ خان، سینئر ڈپٹی آرگنائزر زین اللہ، اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، آفس آرگنائزر نواز خٹک اور دیگر نے کہا ہے کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے اراکین نے اپنے بیان میں پشتونخوا ایس او جنوبی پشتونخوا زون کے کانفرنس منعقدہ 27 اکتوبر کو خوش آئند قرار دیتے

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تربت، فائرنگ کا تبادلہ، ایک مبینہ ملزم ہلاک، 2 فرار

ایس ایچ او منصور بلوچ محفوظ، ملزم کی لاش ندی سے برآمد، سرچ آپریشن کا آغاز

تربت (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کیچ کے اہم شہر تربت کے علاقے جوسک میں پولیس کی گاڑی اور مشکوک موٹر سائیکل سواروں کے درمیان زبردست فائرنگ کے تبادلے میں ایک مبینہ ملزم جاں بحق ہو گیا، جبکہ اس کے دو دیگر ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ایس ایچ او جوسک حاجی منصور بلوچ اپنی ٹیم

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مظفر آباد، صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیوی، ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے ہندو تاجر ہلاک

لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، ہندو برادری میں سخت غم و غصے کی لہر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) این اے 65 ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے زخمی ہندو تاجر ہلاک ہو گیا تاجر برادری اور ہندو برادری میں سخت غم و غصے کی لہر دوڑ گئی واقعے میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ پولیس کے مطابق سبی کے قریب این اے

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور کشمیر لازم و ملزوم ہیں، ڈاکٹر نجیب نقی

اقوام متحدہ کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دلانے میں کردار ادا کریں

مظفر آباد (این این آئی) صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا ہے کہ جس طرح پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے اسی طرح کشمیر بھی پاکستان کے بغیر نامکمل ہے۔ آزاد کشمیر کے 79 ویں یوم تاسیس کے موقع پر دارالحکومت مظفر آباد میں تقریب منعقد

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، نوجوان قتل

ملزمان فرار، لاش ہسپتال منتقل، مزید تفتیش شروع کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) دالبندین کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دالبندین کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا ملزمان فرار ہو گئے۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

مستونگ، ٹریفک حادثہ، پولیس اہلکار سمیت 2 افراد جاں بحق

لاشیں ہسپتال منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

مستونگ (یو این اے) مستونگ میں پرانی چونگی کے مقام پر ٹوڈی کار اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد جاں بحق افراد کی لاشوں کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے کے حوالے سے مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اور ڈی سی خضدار عبدالرزاق ساسولی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فوجیوں کی ہلاکت کے بعد اسرائیل نے بڑے پیمانے پر فوجی آپریشن شروع کر دیا

اسرائیلی فوج نے جوابی کارروائی میں فائرنگ کرنے والے دونوں فلسطینی مسلح افراد کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا

آپریشن کا مقصد مشتبہ افراد کی تلاش، اسلحے کی برآمدگی اور مبینہ عسکری ڈھانچے کو ختم کرنا ہے، حکام

اٹل بیب (بلوچستان نیوز) مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر الخلیل میں دو اسرائیلی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد اسرائیلی فوج نے بڑے پیمانے پر فوجی آپریشن شروع کر دیا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق 23 اکتوبر کو الخلیل کے قریب ایک فوجی چیک پوسٹ پر فائرنگ کے نتیجے میں 2 اسرائیلی فوجی ہلاک جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے تھے۔ اسرائیلی فوج نے جوابی کارروائی میں فائرنگ کرنے والے دونوں فلسطینی

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسمبلی میں لفظ سردار کا بڑا چرچا، کبھی لاپتہ افراد بھی زیر بحث آئیں گے، طاہر بزنجو

اگر کوئی نظام کسی مخصوص لفظ کے استعمال کو ترک کرنے سے ٹوٹ جاتا، تو نیلسن منڈیلا جیسے قد آور سیاسی رہنما ہرگز پیدا نہ ہوتے

کیا بلوچستان اسمبلی وسائل کی لوٹ مار کو بھی زیر بحث لائے گی؟ مرکزی رہنماء نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ آج کل خریدی گئی بلوچستان اسمبلی میں لفظِ سردار کا بڑا چرچا ہے۔ میں اس حوالے سے تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ اصل بات یہ ہے کہ اگر کوئی نظام کسی مخصوص لفظ کے استعمال کو ترک کرنے سے ٹوٹ جاتا، تو کارل مارکس جیسے بلند پایہ مفکر اور نیلسن منڈیلا جیسے قد آور سیاسی رہنما ہرگز پیدا نہ ہوتے۔ کیا بلوچستان اسمبلی

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد پولیس کیلئے نئی پالیسی 2026 جاری، ہفتہ وار آرام لازمی قرار

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت کی پولیس کے افسران اور اہلکاروں کی ڈیوٹی سے متعلق نئی پالیسی 2026 جاری کر دی گئی جس کے تحت

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران کے ایجنٹ ہمارے ملک میں موجود ہیں، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی عہدیدار نے ایک انٹیلی جنس میمو کے وجود کی تصدیق کی، جس میں مشرقِ وسطیٰ اور دنیا بھر میں امریکی سفارت کاروں کو

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نابینا افراد معاشرے کا اہم اور فعال حصہ ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور مواقع ملنے چاہئیں، ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ نابینا افراد معاشرے کا ایک اہم، فعال

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال ناصر سے سینیٹر عبدالشکور اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

لوکل گورنمنٹ ملازمین معاشی مشکلات کا شکار ہیں، پشتونخوا میپ

تنخواہوں کی عدم ادائیگی باعث تشویش ہے، نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے لوکل گورنمنٹ کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صفائی پر مامور ملازمین کو دوسرے مہینے، جبکہ ڈیلی ویجز ملازمین کو تین ماہ سے زائد عرصے سے تنخواہیں ادا

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہندو تاجر کا قتل قابل مذمت ہے، سردار ڈومکی

شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے بشنت کمار کے بہیمانہ قتل کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آصفہ بھٹو کی یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر میں یوم اقوام متحدہ کی تقریب میں شرکت

کراچی (آئی این پی) خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری نے یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر کراچی میں یوم اقوام متحدہ منانے کی تقریب میں شرکت کی اور اقوام متحدہ کے مختلف اداروں، محکمہ کھیل و امور نوجوانان سندھ اور دیگر سرکاری محکموں کی جانب

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بحر الکاہل میں واقعہ وانواتو میں زلزلہ، شدت 7.2 ریکارڈ

واشنگٹن (این این آئی) بحر الکاہل میں واقع ملک وانواتو میں زلزلہ آیا ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق وانواتو میں آنے والے زلزلے کی شدت 7 اعشاریہ 2 تھی۔ زلزلہ وانواتو کے شہر سولا سے تقریباً 200 کلومیٹر مغرب میں سمندر میں آیا ہے جس کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔

دبئی، آن لائن شاپنگ فراڈ کے الزام میں 6 ملزمان گرفتار

دبئی (این این آئی) دبئی میں آن لائن شاپنگ فراڈ کے الزام میں 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان نے خاتون کی کئی سال کی جمع پونجی لوٹی تھی۔ دبئی حکام کے مطابق ملزمان جعلی آن لائن شاپنگ ویب سائٹس کے ذریعے بینک کارڈز کی معلومات چوری کرتے تھے۔

سونے کی قیمت میں مزید کمی

کراچی (آئی این پی) ملک میں سونے کی قیمت میں مزید کمی ہوگئی۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 2500 روپے کی کمی کے بعد فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 22 ہزار 36 روپے ہو گیا۔ 10 گرام سونے کا بھا 2144 روپے کم ہونے کے بعد 3 لاکھ 61 ہزار 827 روپے ہو گیا۔ دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کا بھا 25 ڈالر کم ہو کر 3995 ڈالر فی اونس ہو گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز فی تولہ سونے کی قیمت میں 7000 روپے کی کمی ہوئی تھی۔

کراچی، خاتون اول ایم این اے آصفہ بھٹو زرداری اقوام متحدہ کی نمائندے سے مل رہی ہیں

پنجگور، دو بھائیوں کا فتنہ الہندوستان سے لاتعلقی

ریحان نے پیسوں کا لالچ دے کر تنظیم میں شمولیت کے لیے ورغلایا، میڈیا سے گفتگو

پنجگور (این این آئی) پنجگور سے تعلق رکھنے والے دو کم عمر بھائیوں گہرام اور فہد نے فتنہ الہندوستان سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے سامنے سرنڈر کر دیا۔ پنجگور پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گہرام اور فہد نے بتایا

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی محتسب سعادت اللہ بازئی کی زیرِ صدارت اجلاس

زیرِ سماعت اور زیرِ التواء شکایات و مقدمات پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی زیرِ صدارت صوبائی محتسب سیکرٹریٹ کے مرکزی دفتر کوئٹہ میں ڈائریکٹرز انویسٹی گیشن، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور رجسٹرار کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف زیرِ سماعت اور

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار میں 2 دوست قتل، ایک لاش برآمد

محمد یونس کو گھر کے قریب جب کہ ان کے دوست محمد سمیع کو شہر سے کچھ فاصلے پر پراسرار انداز میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا

باغبانہ سے شاہزیب ابا بکی کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل، وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں

خضدار (این این آئی) خضدار میں دو دوست پر اسرار انداز میں فائرنگ سے قتل کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق محمد یونس ولد محمد یوسف قوم غلامانی کو فائرنگ کر کے ان کے گھر قریب جب کہ ان کے دوست محمد سمیع ولد حبیب اللہ قوم نتھوانی کو شہر سے کچھ فاصلے پر پراسرار انداز میں فائرنگ کر کے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو پچاس ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فلپائن، نامعلوم شخص کی فائرنگ سے ایک طالبعلم ہلاک، دو زخمی

نیلا (این این آئی) فلپائن کے جنوبی صوبے گوسان ڈیل سور میں نامعلوم مسلح شخص کی فائرنگ سے 15 سالہ طالب علم ہلاک اور دو افراد زخمی ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مقامی حکام نے بتایا کہ فائرنگ سے 15 سالہ طالب علم ہلاک ہو گیا جبکہ 23 اور 13 سالہ دو زخمیوں کو ہنگامی طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

فلپائن میں تربیتی پرواز کے دوران دو طیارے تباہ، 4 پائلٹ ہلاک

نیلا (آئی این پی) فلپائن میں تربیتی پرواز کے دوران دو طیارے گر کر تباہ ہو گئے، حادثے میں چار پائلٹ ہلاک ہو گئے۔ فلپائی فضائیہ کے مطابق حادثہ صوبے باتانگاس میں پیش آیا، جہاں تربیتی پرواز کے دوران دونوں طیارے گر کر تباہ ہوئے۔ حادثے کے بعد فلپائی فضائیہ نے ایس ایف 260 تربیتی طیاروں کو گراؤنڈ کر دیا ہے۔

کچے میں زمینی تنازعے پر فریقین میں تصادم، فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق

کنڈیارو (آئی این پی) کنڈیارو کے قریب کچے میں زمین کے تنازعے پر کھوڑو برادری کے دو فریقین میں تصادم، فائرنگ کے تبادلے میں 4 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ پیر ی تھانے کے حدود میں پیش آیا ہے، لاشیں ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔

نوشکی، گھر کے باہر فائرنگ، ایک شخص قتل

لاش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی، مزید تحقیقات جاری